جناب علی محمد خان: جناب! میں دوبارہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو انہوں نے سوال پوچھا ہے۔ ہم نے per designation ان کو بتا دیا ہے۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: The WHO people are included in this?

جناب علی محمد خان: اگر یہ 1,300 افراد کی علیحدہ علیحدہ پوچھنا چاہتے ہیں تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، جو وہ پوچھ رہے ہیں۔ آپ نے دے تو دیے ہیں لیکن وہ پوچھ رہے ہیں کہ WHO کے جو لوگ ہیں، وہ بھی آپ کی reply میں included ہیں؟

جناب علی محمد خان: WHO اس میں included ہے لیکن WHO کی funding through Government of Pakistan کے loan سے بھی ہوتی ہے اور جو ہمیں foreign aid آتی ہے، اس سے بھی ہوتی ہے تو اس سے combined payment ہوتی ہیں۔ Per designation جو پیسے ہم دیتے ہیں، وہ ہم نے بتا دیا ہے لیکن اگر یہ 1,300 افراد کی تفصیل چاہتے ہیں، وہ provide کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے مشتاق صاحب؟ آپ کو تفصیل مل جائے گی، وہ کہہ رہے ہیں۔ .He will give the details جی رخسانہ زبیری صاحب۔

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری: جناب چیئرمین! میں پھر وہی issue raise کرنا چاہوں گی جو part time labourer کا ہے، contract labour کا ہے۔ ان کو بھی تنخواہیں وقت پر نہیں ملتیں۔ کبھی کبھی جب compaign شروع کرتے ہیں تو lady health visitors کو بھی یہ deploy کرتے ہیں .but they are not paid on time ابھی آپ نے دیکھا کہ خواتین نے کتنا زبردست دھرنا، کتنے دن رات سڑکوں پر پڑی رہیں۔ تنخواہیں گھر میں نہیں آئیں گی تو گھر کیسے چلے گا۔ دس پانچ دن کی بات نہیں ہے، مہینوں تنخواہیں نہیں ملتیں، پلیز اس کے لیے کچھ کیجیئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب یہ تنخواہوں کا issue ہے اور آپ کو پتا ہے، آپ بھی ان کو ملنے گئے تھے۔

جناب علی محمد خان: Salary کا بھی issue ہے اس پر ان کے ساتھ discuss کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں وہ کہہ رہی ہیں ابھی تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔

جناب علی محمد خان: ٹھیک ہے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عتیق صاحب .last supplementary

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب والا! میری وزیر صاحب سے گزارش ہے، سوال تو اپنی جگہ پر ہے، انہوں نے جو جواب دیا ہے، بابو بڑے technical طریقے سے جواب بناتے ہیں۔ انہوں نے system define کر دیا کہ ان کو اتنے پیسے ملتے ہیں، اس کو اتنے ملتے ہیں۔ اب اسی چیز میں، ان کے جواب میں لکھا ہوا ہے یہ جو دو طرح کے لوگ ہیں، جو سب سے زیادہ لوگ ہیں، 849 اور 156 لوگ ہیں جو سب سے زیادہ کیٹیگری کے لوگ ہیں وہ لکھ رہے ہیں managed through third party vender by WHO اب اصل مسئلہ یہاں پر ہے۔ وزیر صاحب اس کا بتائیں what is the reason یہ WHO کے ذریعے آ رہے ہیں اس کا مطلب ہے وہ حکومت کے ambit میں ہے ہی نہیں۔ دوسری طرف یہ بھی کہا گیا کہ یہ loan ہے۔ 555 million dollar تو Melinda Gates کے فنڈ سے آ رہا ہے۔ ذرا یہ بتایئے یہ جو آ رہا ہے، اس کا مسئلہ اسی میں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب اس کو refer کر دیں۔

Instead of you getting up trying to reply to every one.

جناب علی محمد خان: اگر آپ refer کرتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس میں وزارت صحت کے لوگ بھی cooperate کرتے ہیں۔ پولیس والے بھی کرتے ہیں، District Administration کا سٹاف، پٹواری وغیرہ کی coordination ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ WHO کے کچھ اپنے سٹاف ممبران بھی ہیں جن کو وہ pay کرتے ہیں وہ کہاں سے pay ہوتی ہے اس میں کچھ ہمارے loans ہیں اور کچھ Melinda gates کی انہوں نے بات کی کچھ اور ادارے بھی کرتے ہیں جس کی تفصیل میں نے بتائی۔ 187.72 million dollar ہے جس میں میرے پاس موجود ہے کہ چودہ پندرہ heads سے گرانٹ ان کو مل رہی ہے۔ اس میں ڈسٹرکٹ level تک تو ان DHO کے اپنے official ہوتے ہیں جن کو proper salary ملتی ہے۔ کچھ need basis پر لینے پڑتے ہیں۔ وہ سرکاری لوگ نہیں ہوتے، وہ third party اس لیے کرتے ہیں کہ آپ کو permanently نہیں چاہیے ہوتے جو آپ کو پورے مہینے کے لیے چاہیے ان کو تو WHO والے hire کرتے ہیں through this process ان کی payment ہوتی

ہے۔ third party اس کے کیا جاتا ہے کہ کبھی آپ کو چاہیے ہوتا ہے، کبھی نہیں چاہیے ہوتا۔ کبھی آپ کو high risk علاقوں میں جانا پڑتا ہے، کہیں high risk نہیں چاہیے ہوتا۔ یہ لوگ تحصیل اور UC level تک ہوتے ہیں۔WHO والے properly division and district level تک موجود ہیں اس لیے نیچے آپ کو third party hire کرنا پڑتی ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Ayesha, I am referring it to the committee.

Senator Ayesha Raza Farooq: I want to help the Minister here with due respect, this is the reason why we need a Minister who can come to this House for such an important Ministry as Health

جو یہاں پر سوالات کے جوابات دیئے جا رہے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Where is the Health Minister?

Senator Ayesha Raza Farooq: Prime Minister is the Minister In-charge for Health.

میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں کہ اتنا اہم نیشنل پروگرام، سوالات کے جوابات صحیح نہیں دیئے جا رہے۔ It is a complicated programme, there are many sides to this programme. I urge this Government کہ اتنی اہم منسٹری کے لیے ایک وزیر کو رکھیں جو یہاں پر آ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

I mean honourable Minister Khan is doing a great job. This is far too complicated.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی

referred to the committee. Question No. 58.

*Question No. 58 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state whether it is a fact that ban has been imposed on meetings with Dr. Aafia Siddiqui, imprisoned in US jail, during the COVID-19

pandemic and that the number of COVID-19 patients are also increasing in the said jail, if so, the procedure adopted for obtaining information about her health and needs in the jail?

Makhdoom Shah Mahmood Hussain Qureshi: Due to COVID-19 Pandemic, the Consular visits had been suspended by the prison authorities in Federal Medical Centre (FMC) Carswell. Resultantly, in person meetings of our Consul General with Dr. Aafia Siddiqui had been put on hold. However, Consul General remained in touch with the prison authorities in order to get updates on the health and well-being of Dr. Aafia.

Due to efforts of our Embassy in Washington DC, a special consular visit was arranged for our Consul General in Houston to meet Dr. Aafia Siddiqui on 24th September 2020. During the meeting Dr. Aafia herself informed Consul General that her COVID-19 test came negative. Dr. Aafia was alert in her conversation with the Consul General. She also informed the Consul General that she had recently been examined by her psychiatrist who declared her (mentally sound and) well.

Mr. Deputy Chairman: Any supplementary.

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے سوال پوچھا ہے کہ ڈاکٹر عافیہ جو پاکستان کی بیٹی ہے اور بے گناہ امریکہ میں قید ہے۔ڈاکٹر عافیہ کو امریکی قید میں 6423دن ہو گئے ہیں۔ ہمارے وزیراعظم صاحب نے کہا تھا کہ جب حکومت میں آؤں گا تو 90دن کے اندر عافیہ کو پاکستان میں لاؤں گا۔ میرا سوال یہ ہے کہ ہماری سینٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے ان کی رپورٹ اس ہاؤس میں آئی ہے کہ حکومت عافیہ صدیقی کو پاکستان لانے میں دلچسپی نہیں لے رہی۔ یہ سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین

کے الفاظ on the floor of the House ہیں۔ میرا پہلا سوال یہ ہے کہ آپ عافیہ کو پاکستان کیوں نہیں لا رہے؟ دوسری بات یہ ہے کہ COVID-19 کی وجہ سے وہ risk پر ہے۔ COVID-19 کی وجہ سے تمام قیدیوں کو video link کی سہولت دی گئی ہے۔ ان کی ماں، ان کے بچوں، ان کا بچہ اب حافظ قرآن ہو گیا ہے، ان کی بہن کو کیوں پاکستان کی حکومت نے اپنے خاندان سے ویڈیو لنک کے ذریعے سہولت نہیں دی۔ جب آپ کلبھوشن کے لیے آرڈیننس جاری کر رہے ہیں تو اپنی بیٹی، جو بے گناہ ہے اس کے لیے کوشش کیوں نہیں کر رہے کہ ان کو پاکستان لائیں۔ کم از کم ان کو سہولتیں دیں، ان کی زندگی کو محفوظ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب ظہیر الدین بابر اعوان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تھوڑا سا perspective کے لیے، سوال کے دو حصے تھے، ایک تو یہ تھا کہ وہ جیل میں ہیں اور COVID-19 کی وجہ سے کیا ان کے اوپر باہر contact کی پابندی ہے۔ اس کے جواب سے فاضل سینیٹر صاحب مطمئن ہیں۔ دو چیزیں میں بتا دیتا ہوں کہ سب قیدیوں کے لیے ان سے ملاقات پر پابندی لگا دی تھی لیکن جو پاکستان کی ایمبیسی Houston میں ہے اس کے لوگوں نے پچھلے مہینے کی چوبیس تاریخ کو جا کر ڈاکٹر عافیہ صاحبہ سے ملاقات کی تھی۔ اس دوران ٹیلی فون پر ایمبیسی کے ساتھ contact جاری رہا، CG office کی کوششوں کی وجہ سے ان کا Email ID بھی بلاک نہیں کیا گیا۔ She was connected with the Embassy and she was connected wherever she wanted to connect with the family. یہ پہلا perspective ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Babar sahib you mean she has spoken to the family?

Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan: She was allowed to speak with anybody through the telephone. She has spoken to the Embassy a number of times, we do not know about the family. She has had the facility of the Email ID open.

دوسرا، جس طرح فاضل سینیٹر صاحب نے درست کہا کہ چھ ہزار دن ان کو گرفتار ہوئے ہوگئے ہیں۔ یہ human rights violation ہے اگر کوئی ثبوت نہیں ہے۔ ظاہر ہے اس حکومت کے ابھی بہت کم دن ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود جو efforts کی گئی ہیں وہ میں آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔ پہلی effort یہ کی گئی ہے کہ وہ انکاری تھیں بہت لمبے عرصے تک، mercy petition file کرنے میں ان کو reservations تھیں جو ان کا حق تھا، وہ حق ان کو کوئی convince کرکے واپس نہیں لے سکتا تھا۔ اب انہوں نے mercy petition according to the officer who came to the office to brief me یہ مسز بتول کاظم ہیں ہمارے فارن آفس USA کی ڈائریکٹر ہیں وہ کہتی ہیں کہ انہوں نے چوبیس تاریخ والی ملاقات میں بتایا کہ انہوں نے mercy petition پر دستخط کر دیا ہے۔ اس کو امریکن قانون میں clemency petition کہتے ہیں۔ آسانی کے لیے یہاں پر mercy petition ہمارے قانون میں کہا جاتا ہے۔ پہلی کوشش یہ کی گئی کہ directly ہمارے ایمبیسڈر صاحب اور ایمبیسی نے جا کر دینے کی کوشش کی تو ان کو بتایا گیا کہ ان کا جو جیل مینویل ہے اس کے مطابق جو prisoner ہے، یہاں بھی جو mercy petition آتی ہیں وہ prison menual کے مطابق جو کسی جرم کا detinue ہوتا ہے یا convict ہوتا ہے یا کوئی under arrest or under trial ہوتا ہے وہ بھیجتا ہے کہ اس کو respite چاہیے، اس کو reprieve چاہیے یا اس کو clemency چاہیے۔ اب انہوں نے وہ sign کر دیا ہے now it is being sent through the Jail Department to the President of United State of America اس لیے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ نہ لانے کی کوئی وجہ ہی نہیں ہے۔ ظاہر ہے ہمارے اختیار میں ہوتا تو ہم چوبیس گھنٹے میں واپس لے آتے لیکن یہ ایک process تھا جو فارن آفس نے اختیار کیا اس کے نتیجے تک ہم یہاں پر پہنچے ہیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب والا! میرا سوال یہ تھا کہ ان کی والدہ، ان کے بچوں اور بہن کے ساتھ ٹیلی فون پر کوئی رابطہ نہیں ہو پا رہا۔ ان کی video link کے ذریعے اس COVID میں وہ بہت پریشان ہیں۔ ان کی والدہ بیچاری بستر پر ہے، ان کے بچے پریشان ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ فون کرلیں۔ آپ پھر چیک کرلیں وہ کہہ رہے ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ فون پر ان کا رابطہ ہے۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں ان کی فیملی سے رابطے میں ہوں۔ آپ حکومت کو پابند کریں کہ ویڈیو لنک کے ذریعے ان کی ماں اور بچوں کے ساتھ، بہن کے ساتھ رابطہ کروائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سراج الحق صاحب۔

سینیٹر سراج الحق: مشتاق صاحب نے جو مسئلہ اٹھایا ہے یہ بہت اہم ہے، یہ پوری قوم کا مسئلہ ہے، میرا ایک سوال ہے اور ایک تجویز بھی ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب حکومت خود کہتی ہے، اعتراف کرتی ہے، یہ حکومت بھی اور اس سے پہلے مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی ان کا بھی یہی موقف تھا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی بے گناہ ہے وہ ناکردہ جرم میں وہاں پر گرفتار ہے۔ اب اگر ایک خاتون آپ بھی کہتے ہیں بے گناہ ہے، پہلے والی حکومت بھی کہتی تھی کہ بے گناہ تھی۔ جس حکومت نے، خاص طور پر جس نے اعتراف کیا ہے کہ ہم نے ان کو حوالے کیا ہے تو ایک بے گناہ پاکستانی شہری کو امریکہ کے حوالے کرنے پر کیا موجودہ حکومت اس شخص کے خلاف کوئی کیس دائر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ اس نے صرف ڈاکٹر عافیہ کی بات نہیں کی ہے بلکہ اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے چار ہزار سے زیادہ پاکستانیوں کو امریکہ کے حوالے کیا ہے، میرا یہ سوال ہے۔ میری تجویز یہ ہے کہ گزشتہ عرصے میں حکومت نے جتنی بھی کوششیں کی ہیں وہ ناکافی ہیں، کم از کم پاکستانی حکومت کی ان کوششوں پر پاکستانی قوم مطمئن نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! میری تجویز یہ ہے، آپ ruling دیں اور فیصلہ دیں کہ ہمارے سینیٹرز پر مشتمل وفد امریکہ جائیں، یہ بہت بڑا مسئلہ ہے اور سینیٹرز کا یہ وفد خود وہاں پر بیٹھ کر ان کے تمام قانونی معاملات دیکھیں تاکہ ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کا راستہ کھل جائے اور وہ ہمیں واپس ملے، وہ پاکستان کی بیٹی ہے وہ پاکستان واپس آجائے ورنہ یہ پانچ سال اور دس سال بھی گزر جائیں گے اور پھر آخر اللہ نہ کرے کہ وہ دن آئے کہ ہم اس کی لاش کا استقبال کریں، یہ نہیں ہونا چاہیے لہٰذا اگر سینیٹرز پر مشتمل ایک وفد امریکہ جائے اور ڈاکٹر عافیہ کی رہائی تک وہاں پر سینیٹ کی طرف سے خود نگرانی کریں، تمام کوششوں اور تمام انتظامات کی کوشش کریں، اس سے ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری قوم کی satisfaction ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب ظہیر الدین بابر اعوان (مشیر برائے پارلیمانی امور): سینیٹر سراج الحق صاحب کے جو جذبات ہیں، ساری قوم کے بھی ویسے ہی جذبات ہیں، ان سے ملتے جلتے ہیں لیکن انہوں نے جس طرح چھ ہزار دن گنوائے، ہزاروں دنوں میں نہ جائیں۔ سینکڑوں دنوں میں جو progress ہوئی ہے، میں نے آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔ اس سے پوری قوم satisfy نہیں ہے یہ ایک sweeping statement ہے لیکن اس میں دو چیزیں important ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے، اگر وہ telephone پر بات کرنا چاہتے ہیں، I offer from the Government side کہ میرے دفتر سے سینیٹر مشتاق احمد صاحب کسی کا connection کروادیں، ہماری US کی جو director ہیں، میں ان کے ذمے لگاتا ہوں کہ وہ USA میں ہمارے Consul General کو فوری طور پر کہیں کہ ان کا رابطہ فوری طور پر کروادیں۔

دوسرا، اگر ہماری پاکستانی ریاست کی territorial domain ہوتی، آپ کو یاد ہے اب تو بڑے بڑے VIPs کے لیے قید میں بھی، ان کی گفتگو ہوتی ہیں، ان کے interviews ہوتے ہیں یہ سارا کچھ ہو سکتا تھا لیکن America is a separate country ان کا اپنا ایک نظام ہے۔ ان کی تیسری تجویز ہے کہ کچھ سینیٹرز چلے جائیں، اگر اپنے خرچ پر سینیٹرز جانا چاہیں تو بطور وکیل میں ساتھ چلا جاؤں گا یا میں اپنی Law firm کا وکیل بھیج دیتا ہوں۔ اس میں تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن وہاں پر جاکر ہم Senate and Government کے ساتھ lobbying کر سکتے ہیں but nobody can appear in the Court. فرق یہ ہے کہ دنیا کا کوئی jurisdiction, آپ کو یاد ہوگا کہ ایک American Attorney General تھے وہ بھٹو صاحب کے case میں پیش ہونے کے لیے پاکستان آئے تھے، ان کا نام Ramsey Clark تھا، ان کو اجازت نہیں دی گئی تھی۔ یہ sensitivities ہیں ورنہ ہم سب کے جذبات ایک جیسے ہی ہیں۔

تیسری اور آخری بات۔ I repeat کہ ان کی فیملی کے جو بھی صاحبہ یا صاحب ہیں ان سے رابطہ کروا دیں. and government will facilitate to this extent.

دوسرا یہ کہ جب ہماری clemency, mercy petition جاتی ہے پھر اس پر پورا زور لگایا جاسکتا ہے، اس لیے یہ ایک opening بن رہی ہے۔ انہوں نے ایک سوال یہ اٹھایا کہ کیا عافیہ کو حوالے کرنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی ہو سکتی ہے؟ answer is yes کارروائی کیوں نہیں ہو سکتی۔ جو بھی aggrieved آدمی ہے وہ ایمل کانسی سے لیکر عافیہ صدیقی تک، سب کو حوالے کرنے والوں کو، جن کو وہ ملزم سمجھتے ہیں، ان کے خلاف عدالت میں جا سکتے ہیں۔

سینیٹر سراج الحق: جناب چیئرمین! اب حکومت خود lead کرے، وفاقی وزیر خود lead کرے، ہمیں facilitate کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ ہمارے سینیٹرز غیرت مند ہیں، اپنی بہن کو لانے کے لیے اپنے کرائے پر جانے کے لیے سو بار تیار ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سید محمد صابر شاہ صاحب، آخری سپلیمنٹری۔

سینیٹر سید محمد صابر شاہ: جناب چیئرمین! یہ مسئلہ بڑا اہم ہے اور یہ قومی غیرت کا مسئلہ ہے، اس مسئلے کو وہ اہمیت نہیں دی جارہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: صابر صاحب یہ Question Hour شروع ہے۔ اگر آپ اس پر debate کریں گے تو باقی سوالات رہ جائیں گے۔

سینیٹر سید محمد صابر شاہ: جناب چیئرمین! اس کے لیے مجھے کچھ base بنانا پڑے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ وہ بعد میں کر سکتے ہیں، ابھی آپ صرف سوال پوچھیں۔

سینیٹر سید محمد صابر شاہ: کیا اس مسئلے کو کمیٹی میں بھیج کر اور ان کی فیملی کے ساتھ بیٹھ کر جو حقائق ہیں وہ کمیٹی کے سامنے لائے جائیں تاکہ حقیقت سامنے آجائے کہ ان کا رابطہ کیسے ہو، کیسے مسائل ہیں اور کیا مشکلات ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حیدری صاحب آپ کا کوئی سوال ہے یا اس پر debate کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: جناب چیئرمین! مشتاق صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے یہ سوال انتہائی اہم ہے، ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ ہر ملک کے اپنے اپنے جیل۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حیدری صاحب سوال کریں this is not a debate time, question hour ختم ہو جائے گا، میرے پاس بہت سوالات ہیں، آپ debate بعد میں کر لیجئے گا، آپ سوال کریں۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: میں اسی پر سوال کروں گا لیکن میں آپ کا صرف ایک منٹ لینا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس وقت اس کا time نہیں ہے، آپ سوال پوچھیں۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: ابھی تک تو میری بات ختم بھی ہو چکی ہوتی، آپ نے مجھے روک کر وقت ضائع کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اسی لیے میں کہہ رہا ہوں آپ سوال کریں۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: میری گزارش یہ ہے، آپ کہتے ہیں کہ عافیہ بے گناہ ہے، ہم سب کہتے ہیں کہ وہ بے گناہ ہے۔ ہم نے ان کے گناہ گار ریمنڈ ڈیوس جیسے لوگ ان کے حوالے کیے، ایمل کانسی پر الزام تھا اس کو گرفتار کر کے ان کے حوالے کیا، کیا آپ کا ایسا کوئی معاہدہ ہے جس سے ان کے warranted لوگ ان کے حوالے کریں اور اگر آپ کے ہیں تو ان کے ملک سے آپ لے آئیں، ایسا معاہدہ ہے؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب ظہیر الدین بابر اعوان: جناب چیئرمین! جو convicts ہیں، let me check from the Foreign Office, what treaty, or reciprocal system we have or not.

Mr. Deputy Chairman: Exchange of business, do we have a system with United States?

Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan: That varies from case to case so far I remember one person who was arrested and he was required by the NAB, he was brought back from America and a drug lord was given to the American Authorities from here, so let me check

exactly what is there for the convicts but those were under trial people, its different.

جب convict ہو جاتا ہے تو conviction کے بعد کچھ rights, global law میں ہوتے ہیں، this is an area of International conflict of Laws, تو convicts کچھ rights سے محروم ہو جاتے ہیں، under trial prisoner کو معصوم سمجھا جاتا ہے unless proven guilty, let me check it.

Mr. Deputy Chairman: Question No.59. Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Sahib.

*Question No. 59 Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state the details of posts of Medical and Para Medical staff lying vacant in the Government hospitals in Islamabad with hospital wise break up indicating also the steps taken / being taken by the Government to fill in the same?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: The details of posts of medical and para-medical staff lying vacant in the government hospital, Islamabad with hospital wise break up and steps taken/being taken are as under:

Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS)

302 medical and 120 para-medical posts are lying vacant in PIMS. Detail is at Annex-A & B.

Federal Government Polyclinic, Post Graduate Medical Institute

243 medical and 52 para-medical posts are lying vacant in Federal Government Polyclinic Islamabad. Detail is at Annex-C.

Federal General Hospital (FGH)

26 medical and 36 para-medical posts are lying vacant in FGH. Recruitment rules of FGH are being finalized. The vacant posts will be filled after approval of Recruitment Rules. Detail is at Annex-D

National Institute of Rehabilitation Medicines (NIRM)

20 medical and 18 para-medical posts are lying vacant in NIRM which have already been sent to FPSC. Detail is at Annex-E.

(Annexures have been placed on the Table of the House as well as Library)

Mr. Deputy Chairman: Any Supplementary.

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جی جناب چیئرمین! میرا سوال بڑا واضح تھا کہ مجھے یہ بتایا جائے کہ اسلام آباد کے ہسپتالوں میں کتنی posts vacant ہیں اور اس کی reason کیا ہے؟ اور ابھی تک اس پر کیا عمل درآمد ہوا ہے یعنی ہم امید کریں کب تک fill ہو جائے گی؟ جیسا کہ حالیہ وزیر اعظم صاحب نے خود اس بات کا notice لیا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھا عمل ہے۔ جناب چیئرمین! اس وقت یہاں پر 900 vacancies ہیں چونکہ میں اسلام آباد کی ہسپتالوں میں خود جاتا ہوں، میں ایک عام آدمی ہوں، میں London تو نہیں جاسکتا۔ میں PIMS کی بات کر رہا ہوں، PIMS میں جو PG students ہیں، جو house jobbers ہیں، جو doctors ہیں سب کے سب CORONA positive, negative مطلب ان سب کو CORONA ہو گیا ہے، اب آپ دیکھیں جب یہ حالت ہے تو کیا وجہ ہے کہ حکومت وقت وہاں پر 900 لوگوں کو appoint نہیں کر رہی ہے۔ وجہ جو دی گئی ہے وہ بڑی اچھی ہے میں پڑھنا چاہوں گا اور بتاؤں گا، وزیر صاحب تو نہیں ہیں اگر بیٹھے ہوئے وزراء میں سے کوئی وزیر وزیر اعظم صاحب تک پہنچا دیں، مراد سعید صاحب پہنچا سکتا ہے۔ مہربانی کرکے جیسا انہوں نے کہا ہے وہ کر بھی دیں، اس میں بڑی اچھی reason لکھی ہوئی ہے will be advertised soon, will be advertised soon دوسرے میں، تیسرے، چوتھے، پانچویں، چھٹے، آٹھویں، نوویں اور دس جگہ پر یہ reason لکھا ہوا

ہے کہ will be advertised soon جناب چیئرمین! وہ advertise کب ہوگی، کب appointment ہوگی، کب اسلام آباد کے لوگوں کو یہ 900 لوگ ہسپتالوں میں ملیں گے، جناب چیئرمین! مہربانی کرکے اس کا پوچھ لیجئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

جناب علی محمد خان (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): جناب ڈپٹی چیئرمین! چار بڑے ہسپتال ہیں، پہلے تو میں جواب سے پہلے request کروں گا، آپ اس کو Health کی Standing Committee میں بھیجیں، میں اس کی reason بتاتا ہوں۔ وہاں اس کو ہم continuously follow up کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ کی نظر کے نیچے رہے اور کوشش کریں کہ جلد سے جلد انہیں بھریں۔ جناب! ان میں کچھ posts ایسی ہیں جن میں due process ہونا ہے۔ کچھ ہم نے advertise کیں اور پھر ان کو ہم نے FPSC کی طرف بھیجا کیونکہ سارا recruitment process FPSC والے کرتے ہیں۔ زیادہ تر cases وہی ہیں کہ ہسپتال کی طرف سے سارا ہو گیا ہے چاہے وہ PIMS یا FGH ہو Poly Clinic ہو یا NIRM ہو۔ FPSC کا جو process ہے اس کا آپ کو پتا ہے کہ recruitment میں تھوڑا سا وقت لگ جاتا۔ وہ ad دیتے ہیں پھر test ہوتے ہیں اور پھر interview ہوتا ہے تو اس میں تھوڑا وقت لگ جاتا ہے۔ کل شام جب میں نے briefing لی تو آج صبح ان کے heads کو بھی بلایا۔ PIMS کے head ڈاکٹر انصر صاحب ابھی تک نہیں آسکے باقیوں کو میں نے بلایا اور ان سے meeting ہوئی ہے۔ اس میں follow up meeting next week رکھی ہے۔ FPSC والوں کو آج بھی بلایا تھا اور next دوبارہ بلا رہا ہوں کہ ان کے ساتھ coordination ہو جائے۔ کچھ process کو ہم short نہیں کر سکتے۔ مطلب کہ سارا process advertisement, test and Interview ہوگا لیکن بیچ کا جو process ہے، جو bureaucratic process ہے کہ advertisement سے پہلے ہسپتال اور FPSC کے بیچ میں اور test and interview کے بعد ان کو assign کرنا کیونکہ

sanctioned posts ہیں کوئی نئی approval finance کی نہیں چاہیے۔ میں اس کو follow up کروا رہا ہوں اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔

Mr. Deputy Chairman: Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh sahib we will refer it to the Committee.

وہاں پر اس کو discuss کر لیں۔ سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف صاحب یہ کمیٹی میں جا رہا ہے۔

جناب علی محمد خان: کیونکہ cabinet میں وزیر اعظم صاحب نے اس کے لیے تو نہیں لیکن جو main departments کے heads ہوتے ہیں ان کے لیے تین ماہ کا وقت دیا ہے کہ یا تو آپ تین ماہ میں ان کو fill کریں اور یہ پہلی مرتبہ اس طرح ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم صاحب unprecedented کام کر رہے ہیں کہ یا تو آپ ان کو fill کریں جو سالوں سے vacant پڑی ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Ali Muhammad sahib the point is that if 900 people have not been appointed as yet,

یہ تو آپ کے پاس کوئی excuse نہیں ہے۔

جناب علی محمد خان: جناب سالوں سے additional charge پر ہیں وزیر اعظم صاحب نے تین ماہ کا وقت دیا ہے کہ تین ماہ میں منسٹر اس کو fill کرے گا نہیں کرے گا تو resign کرے گا۔ جناب وہاں پر strong directions دی گئی ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: I will refer it to the Committee. Let the Committee follow it up.

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب direction دے دیں کہ sub-committee بنائی جائے جو monitor کرے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں وہ تو کمیٹی کے اوپر ہے میں وہ instruction نہیں دے سکتا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کمیٹی میں جا رہا ہے آپ لوگ اس پر discussion کیوں کرنا چاہ رہے ہیں۔ سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب بات کریں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ، سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ صاحب بہت اہم سوال لے کر آئے ہیں۔PIMS میں تمام federating units کی نمائندگی ہے، کوٹا ہے۔ انہوں نے اس کو بھی نظرانداز کر دیا ہے۔ ابھی بلوچستان کے specialists کی 2 posts تھیں ان پر ایک ہی ڈاکٹر جہانگیر نے apply کیا، دوسرے صوبوں کے لوگوں کو لے گئے اور ان کو چھوڑ دیا گیا۔ جہاں آپ کمیٹی میں بھجوا رہے ہیں تو اس کو بھی اس میں add کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف صاحب let it go to the Committee اس پر آپ کیوں سوال کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف: سننے میں یہ آ رہا ہے کہ Health department کے different divisions and departments میں 50% سے above headless ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: I understand Senator Dr. Asad Ashraf sahib but why are you discussing it here when we have referred it to the Committee.

سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف: جناب اگر heads ہوں گے تو وہ walk in interview کر کے بھی کر دیں گے کیونکہ یہ sanctioned posts ہیں۔ Virtually تمام ہسپتال جو اسلام آباد کے ہیں وہ affected ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: But let's discuss it in the Committee. Next question Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Sahib.

*Question No. 60 Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: Will the Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture be pleased to state the steps taken by the Government to introduce uniform curricular in the country so far?

Mr. Shafqat Mehmood: Keeping in view the prevailing disparity in our education system and in line

with the vision of the Prime Minister of Pakistan, National Curriculum Council, Ministry of Federal Education & Professional Training has initiated the coordination in development of Single National Curriculum (SNC) in the country with active participation of all provinces / Areas and other relevant stakeholders.

The steps taken to introduce uniform curriculum

- The development of SNC is driven by the key considerations like constitutional framework, National Policies, Aspirations and National Standards, Alignment with the SDG-4, vision of Quaid and Iqbal, focus on values, Life Skills Based and Inclusive Education, respect & appreciation for different cultures & religions in local and global context, focus on project, inquiry and activity-based learning, development of 21st century skills including analytical, critical and creative thinking.
- Comparative studies were conducted to align SNC with international standards. These include analysis of Pakistani Curriculum with Singapore and Cambridge Curriculum, Pakistan Learners' Standards comparison with Singapore, Malaysia/Indonesia & UK standards. All the findings were incorporated in the SNC.
- Consultative process was carried out with engagement of stakeholders from all provinces and Areas including public and private sector, the Federal Government

Educational Institutions (FGEIs) Cantts & Garrisons and the Deeni Madaris.

- Under Phase-I, first draft of SNC for Grade Pre I-V was developed and shared with all the provinces / Areas and Cambridge University for their input and feedback. Provincial and Area workshops were subsequently held in all federating units from November 2019 to January 2020.
- Services of Aga Khan University, Institute for Educational Development (AKU-IED) were hired to ensure value-addition of SNC and development of teacher training modules & assessment framework.
- Input and feedback received from all federating units, FGEIs, AKU-IED and Cambridge University were then collated and consolidated in the second draft of SNC. This formed the basis for discussions and consensus building during the National Conference on SNC from February 11-14, 2020.
- In the national conference, experts in eight subjects from all federating units in subject-based groups, thoroughly examined the second draft of SNC and deliberated on the inputs from all federating units to reach consensus on the contents and finalized the curriculum draft.

- First phase Curriculum for Grade Pre-I to V was presented to the Honourable Prime Minister on 19th March 2020, who expressed his satisfaction over the completion of the first phase within the given timeframe.
- After completion of textbooks on the basis of Single National Curriculum (SNC) Phase-I for Grade Pre-I to V, uniform curriculum at primary level will be implemented throughout the country from March 2021.
- Similar to first phase, SNC for Grade 6 to 8 will be developed and implemented throughout Pakistan by March 2022 and for 9 to 12 by March 2023.

Mr. Deputy Chairman: Any supplementary?

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب میرا supplementary تو ہے۔ جواب میں وزارت نے اچھا لکھ دیا اور منسٹر صاحب ماشاءاللہ اپنی جگہ بہت کوشش کر رہے ہیں۔ میرا سوال یہ ہے کہ یہ جو syllabus کو uniform بنانے جا رہے ہیں کیا طریقہ ہو گا کہ تمام سکولوں میں uniform syllabus and uniform books ہوں اس پر تھوڑا سا بتا دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب۔

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! میں اس کا جواب دے دوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو again repeat کروں گا کہ آپ اس کو Committee میں raise کریں اور وہاں اس پر detailed discussion کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں بھی اس کو FPSC سے take up کروں گا، منسٹر صاحب۔

(اس موقع پر سابقہ فاٹا اراکین اور کچھ دیگر ممبران نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! یہ بڑا اچھا سوال ہے اور مجھے موقع ملا کہ میں ہاؤس کو بتاؤں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے منسٹر صاحب آپ بات کریں۔

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! یہ بڑا important سوال ہے اور مجھے خوشی ہے کہ یہ سوال کیا گیا تاکہ میں ہاؤس کو تھوڑا سا quickly brief کر سکوں کہ پاکستان میں اس وقت تین یا چار نظام تعلیم موجود ہیں۔ ایک وہ ہے جو Cambridge اور باہر کی certification سے linked ہے۔ دوسرا وہ ہے جو ہمارے امتحانات ہیں اور تیسرا جو مدارس میں پڑھایا جاتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلی مرتبہ ہو رہا ہے کہ حکومت نے یہ بیڑا اٹھایا ہے کہ ہم سارے پاکستان میں یکساں تعلیمی نصاب لے کر آ رہے ہیں۔ یہ نصاب ہم صوبوں کے ساتھ مل کر اور ان کی مشاورت کے ساتھ in fact صوبے fully طور پر، اور آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان، جتنی بھی exercise ہے اس میں fully involved ہیں۔ اس پر ہماری بہت پیش رفت ہو چکی ہے۔ ہماری خواہش اور کوشش ہے کہ ہم اس کا نفاذ اپریل تک کر دیں لیکن اس میں کچھ legislation کی requirement ہو گی اور بھی چیزیں ہوں گی تو جیسے وقت آئے گا میں بتاؤں گا لیکن یہ انتہائی اہم پیش رفت ہے جو ہو رہی ہے کہ پاکستان میں یکسان تعلیمی نصاب بنانے کی پیش رفت ہو رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب جب تک آپ صوبوں کو on board نہیں لیں گے I think یہ issue رہے گا

you have to take them on board to resolve this issue.

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! میں آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ ہم نے تو ایک قدم صوبوں کی مرضی اور مشاورت کے بغیر نہیں اٹھایا۔

Mr. Deputy Chairman: Because I was privy to some issues.

جناب شفقت محمود: میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ میں سندھ میں گیا اور چیف منسٹر صاحب سے دو مرتبہ ملا ہوں۔ Education Minister Sahib سے میرا ہر وقت کا رابطہ ہے۔ آپ

کو پتا ہے کہ جب یہ COVID آیا تو جتنے فیصلے ہم نے کیے ہیں سارے مشترکہ طور پر کیے ہیں۔ سکولوں کو بند کرنا اور سکولوں کو کھولنا، چالیس لاکھ بچوں کو promote کیا وہ بھی مشترکہ طور پر کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب میں syllabus کی بات کر رہا ہوں۔

جناب شفقت محمود: میں syllabus پر ہی آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ یکطرفہ کوئی کام نہیں ہوگا سارے کے سارے مشاورت کے ساتھ ہو رہے ہیں اور مشاورت کے ساتھ ہوں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حکومتی ارکان واک آؤٹ کر گئے ہیں۔ میں Leader of the House سے request کروں گا

if you can send somebody.

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: جناب والا! یہ بہت بڑی زیادتی ہے کہ حکومت کے اراکین ہاؤس خالی کر کے چلے گئے ہیں اور آپ اور ہم بیٹھے ان کو سن رہے ہوتے ہیں۔ جناب والا! جہاں تک نصاب تعلیم کی بات ہے ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ طبقاتی نظام ختم ہونا چاہیے۔

جناب شفقت محمود: جناب چیئرمین! مجھے اجازت ہے میں نے ایک meeting میں جانا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری آپ کا supplementary ہے۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: شکریہ، جناب چیئرمین! منسٹر صاحب کو ایک presentation Standing Committee on Education of Senate کو دینا تھی لیکن وہاں ان کا message آیا کہ وہ next week دونوں Houses میں National Assembly and Senate present کریں گے لیکن ڈھائی ماہ ہو گئے and we are waiting for that information. بہت اچھی opportunity ہو گی اگر آپ وہاں بتا سکیں۔ جناب چیئرمین! میرا سوال ہے کہ اس کو جو آپ phase-1, pre-1 to 5 تک کر رہے ہیں اور پھر Prime Minister نے 19th March کو appreciate کیا اور approve کیا۔ یہ جو ہم Prime Minister level پر چیزوں کے ہونے کا انتظار کرتے ہیں اس کی وجہ سے چیزیں رکتی ہیں کیونکہ ایک کام ہے اور specific curriculum بن رہا ہے اور experts نے بنایا ہے۔ آپ موجود ہیں with

لیکن all the experience so anyway that was just a comment. یہ جو phases میں کیا ہے 1 to 5, 6 to onward اور اس کی 2023 تک implementation ہو گی تو

My question is that why are we doing it in phases? It can be done as a parallel activity. The point is of implementation and it is necessary to implement it as soon as possible.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

(اس دوران واک آؤٹ کرنے والے سابقہ فاٹا اور دیگر اراکین ایوان میں واپس آ گئے)

جناب شفقت محمود: جناب! نصاب بنانا ایک تفصیلی کام ہے۔ یہ ایسا نہیں ہے کہ فوری طور پر ہو جائے۔ اس پر ہم نے بے پناہ مشاورت کی ہے۔ صوبوں کے ساتھ، experts کے ساتھ اور educationists کے ساتھ مشاورت کرنے میں وقت لگتا ہے۔ ہم اسے ایسے phase wise کرنا چاہتے ہیں جس میں پرائمری فیز پہلے implement ہو۔ اس کو دیکھیں گے کہ اس میں کون سے issues آ رہے ہیں۔ اس کے بعد 6th to 8th then 9th to 12th کریں گے۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے ایسی کوئی exercise نہیں ہوئی ہے۔ چونکہ یہ اتنی بڑی exercise ہو رہی ہے جس میں elite institutions سے لے کر مدارس تک ادارے شامل ہیں اور یہ ان سب میں یکساں ہو گا، اس لئے یہ لازمی ہے کہ step by step approach کے ساتھ اس کی implementation ہو اور یہ سب سے بہتر approach ہے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی قائد ایوان۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! میں فاٹا اور اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے سینیٹر صاحبان کا ایوان میں واپس آنے پر شکر گزار ہوں۔ فاٹا کے مسائل کافی عرصے سے چل رہے ہیں especially کچھ issues فاٹا کے merger کے بعد بھی پیدا ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شفقت صاحب آپ کی منسٹری سے متعلق ایک اور سوال رہتا ہے۔آپ کہاں جارہے ہیں؟

جناب شفقت محمود: جناب! علی محمد خان صاحب ان کے جواب دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! میں ایوان میں انہیں ensure کرتا ہوں کہ چیئرمین صاحب سے بات ہو گئی ہے اور ان شاءاللہ ان کے مسائل کا ضرور کوئی نہ کوئی حل نکالیں گے اور ان کی تسلی کے مطابق کام ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مشاہد اللہ خان آپ تشریف رکھیں۔ Question Hour ختم ہو جائے پھر بے شک آپ بولیں۔ایسا کرنے سے Question Hour ختم نہیں ہوگا۔براہ مہربانی Question Hour کو ختم ہونے دیں۔اتنی مشکلات کے بعد Questions آتے ہیں لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ Questions take up ہوں۔جی next question. سینیٹر بہرہ مند خان تنگی۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی۔سوال نمبر 61۔

*Question No. 61 Senator Bahramand Khan Tangi: Will the Minister for Federal Education and Professional Training, National Heritage and Culture be pleased to state whether it is a fact that passing threshold for HSSC examination is 45% but the minimum criteria for admission in public sector universities is 50% marks in HSSC, if so, the steps being taken by the Government to facilitate students with less than 50% marks in HSSC in getting admission in universities in the country?

Mr. Shafqat Mehmood: Federal Board of Intermediate & Secondary Education (FBISE)

Federal Board of Intermediate & Secondary Education (FBISE) the passing threshold for HSSC

examinations is 33% in each subject and as aggregate. It is moreover clarified that the threshold has never been raised from 33% to 45% throughout the history of FBISE.

Higher Education Commission (HEC)

Universities are self-governing institutions regulated in accordance with the provision of their Acts and rules framed their under. Maintaining good order and conducive learning, universities/HEIs determine minimum admission eligibility criteria at the undergraduate level, and Higher Education Commission (HEC) has no role in this regard.

In Professional disciplines viz. Engineering, Medical, Nursing, Pharmacy etc. the minimum required percentage for admission in the professional programmes are defined as per recommendations of the respective professional accreditation councils. For instance, minimum 60% marks in HSSC or equivalent exam are required for admission in Engineering and Physical Therapy Disciplines.

All other disciplines, where professional councils do not exist, the cut-off admission eligibility percentage is defined by universities as per their admission criteria.

Mr. Deputy Chairman: Answer taken as read. Any supplementary?

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب! اس دن بھی میرا ایک سوال تھا۔اس کے جواب سے میں satisfy نہیں تھا۔Concerned Minister موجود نہیں تھے اور علی محمد خان صاحب سے اس کا جواب میں نے نہیں لیا۔ابھی پھر منسٹر صاحب چلے گئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحب! علی محمد خان صاحب آپ کے سوال کا جواب دیں گے۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب! میں نے جو سوال پوچھا تھا، انہوں نے جواب میں لکھا ہے کہ HSSC passing marks 45% ہے اور یونیورسٹی admission کے لئے marks 50% رکھے ہیں۔ میں نے سوال کیا تھا کہ وہ بچے جو 45 فیصد marks لے کر یونیورسٹی میں admission نہیں لے پاتے ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں، اپنی quality کو بڑھانا چاہتے ہیں، ان کے لئے پھر کیا کیا جاتا ہے۔ جواب میں لکھا گیا ہے کہ Universities are self-governing institutions. یہ جواب مجھے HEC نے دیا ہے۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ HEC انہیں funding نہیں کرتی اور ان کی supervision نہیں کرتی ہے۔ یونیورسٹی والے اپنی من مانی کر رہے ہیں اور اپنے دروازے ان بچوں پر بند کرنا چاہتے ہیں جو آگے بڑھ کر محنت کرنا چاہتے ہیں۔ HEC نے جواب دیا ہے کہ وہ کچھ نہیں کر سکتے ہیں کیونکہ universities خود مختار ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب! سینیٹر صاحب کا یہ ایک اچھا سوال ہے۔ میں اس کا simple and straight forward جواب دوں گا اور پھر تھوڑی explanation دوں گا۔ There is no direct interlink between passing marks and admission in university. اس کی وجہ یہ ہے کہ کچھ universities chartered ہیں، کچھ گورنمنٹ کے under آتی ہیں، کچھ private ہیں۔ ان کی اپنی requirements ہوتی ہیں۔ HEC نے جو figures دیے ہیں، ہماری منسٹری ان سے agree نہیں کرتی۔ سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب کے لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ 45% passing marks نہیں ہیں بلکہ 33% ہیں۔ بدقسمتی سے سارے علاقوں کی تعلیم ایک جیسی نہیں ہے۔ Ex- FATA, KP اور تنگی صاحب کے علاقے میں تعلیم کے بہت سے issues ہیں and same goes for Balochistan and Sindh (Rural). ان جگہوں پر quality of education لاہور، پشاور یا اسلام آباد جیسی نہیں ہوگی۔ اگر ہم universities سے کہیں کہ وہ 45% admission criteria سے کم کر

کے نیچے لائیں تو وہ ایسا نہیں کر سکتے ہیں۔اس کے بدلے وہ merit پر جائیں گے۔اگر ایسا ہوگا تو پھر ہم passing marks بڑھا نہیں سکتے کیونکہ ہمارے بچے خدانخواستہ بڑی تعداد میں فیل ہو سکتے ہیں۔اس وجہ سے passing marks ہم نے 33فیصد رکھے ہیں۔یونیورسٹی اپنے criteria کے مطابق میرٹ پر داخلہ دیتے ہیں۔Practically speaking, ریکارڈ اٹھا کر دیکھا جائے تو اس وقت admission 70% or above پر ہو رہے ہیں۔Seats کم ہوتی ہیں اور بچے زیادہ ہوتے ہیں۔

جناب! سینیٹر صاحب کی بات بالکل درست ہے کہ ہمیں universities میں seats بڑھانی چاہییں تاکہ students with passing marks of 33% or 45% بھی داخلہ لے سکیں اور انہیں opportunities مل سکیں۔ Passing marks 33% ہیں اور یونیورسٹی داخلے کے لئے 55% minimum criteria رکھتے ہیں جبکہ بچے 75 سے 80 اور 90 تک score کرتے ہیں۔ہمارے دور میں 70 یا 75 مارکس highest consider کئے جاتے تھے۔ماشاءاللہ اب تو میں حیران ہوتا ہوں کیونکہ ہمارے بچے محنت کرکے 90 یا 95 مارکس بھی لیتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Minister Sahib! what I have understood from the question is that the students who cannot make it to the universities because of the percentage set, where would they go to study again or they cannot study anymore.

جناب علی محمد خان: جناب! سینیٹر صاحب کا سوال یہ ہے کہ جو بچے پاس ہوگئے ہیں اور یونیورسٹی نہیں جا سکتے ہیں، وہ technical education کی طرف بھی جا سکتے ہیں۔وہاں merit اتنا high نہیں ہوتا۔ہم universities کو direct نہیں کر سکتے ہیں کہ وہ اپنا entrance admission percentage 45 or 50 پر لے آئیں۔انہوں نے اسے high رکھنا ہوتا ہے کیونکہ already ان پر pressure ہوتا ہے۔100 سیٹیں ہوتی ہیں اور دس ہزار بچے apply کرتے ہیں۔سینیٹر صاحب کی بات pertinent ہے کہ پھر دوسرے بچے

کہاں جائیں۔وہ technical sideپر جا سکتے ہیں اور کچھ private universities بھی جاتے ہیں۔سرکاری اور کچھ private universities entrance admission meritزیادہ رکھتی ہیں اور یہ ایک المیہ ہے۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: آپ اسے Standing Committee کو refer کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی نہیں اسے Standing Committee میں refer نہیں کیا جاسکتا ہے کیونکہ وہ کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: ایسا نہ کرنے سے تو بچے رہ جائیں گے۔

Mr. Deputy Chairman: They have no other option. They have to look for other avenues.

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: پھر ذمہ دار کون ہے؟اگر universitiesخود مختار ہیں تو HECانہیں fundingکیوں کرتی ہے؟انہیں look afterکیوں کرتی ہے؟وہ اپنے دروازے بچوں پر بند کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب نے بات clear کر دی ہے۔آپ اگلا سوال کریں۔

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: سوال نمبر 62۔

*Question No. 62 Senator Bahramand Khan Tangi: Will the Minister for Maritime Affairs be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to establish Pakistan Islands Development Authority in the country, if so, the details thereof?

Syed Ali Haider Zaidi: The Pakistan Islands Development Authority has established for the development of barren Islands in the territorial waters of the country, to undertake residential / industrial / commercial / infrastructure projects in these Islands, which would contribute towards revival of fifty plus allied industries thereby generating large scale skilled employment opportunities. These Islands are facing

erosion due to forces of nature besides their development is capital intensive requiring reclamation of land, establishing of road linkages, water recycling & sewerage treatment plants and utilities etc. Investors would commit only if a predictable safe, secure business environment and fiscal regime are in place.

2. The Pakistan Islands Development Authority Ordinance, 2020 has been promulgated on 31-08-2020 by the President of the Islamic Republic of Pakistan (Annex-I). The Pakistan Islands Development Authority has been established under Ministry of Maritime Affairs, with the approval of Federal Cabinet decision in Case No. 636/Rule-19/2020 dated 04-09-2020 (Annex-II). Accordingly, the Ministry of Maritime Affairs has issued a notification regarding the establishment of Pakistan Islands Development Authority (Annex-III).

(Annexures have been placed on the Table of the House as well as Library)

Mr. Deputy Chairman: Answer taken as read. Any supplementary?

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب! میں نے منسٹر صاحب سے establishment of Pakistan Islands Development Authority کے متعلق سوال پوچھا ہے۔ منسٹر صاحب نے جواب دیا ہے کہ President of Pakistan نے ایوان صدر سے جو Ordinance factory ہے، وہاں سے اس ordinance کو 31-08-2020 کو جاری کیا ہے۔ کیا کے پی، سندھ اور بلوچستان کی ملکیت پر یہ رات کے اندھیرے میں ordinances کے ذریعے قبضہ کرنا چاہتے ہیں؟ اگر ان کا جواب یہ ہے کہ ایسا کرکے ہم ان علاقوں کو ترقی دینا چاہتے ہیں تو کیا ان علاقوں کے نمائندوں کے ساتھ مل کر یہ کام نہیں ہو سکتا ہے؟ بلوچستان، سندھ، کے پی اور پنجاب کے نمائندے چاہتے ہیں کہ ہمارے صوبوں میں ترقی ہو۔ حکومت نے صوبوں سے

مشاورت نہیں کی ہے، انہیں اعتماد میں نہیں لیا ہے۔Ordinanceکے ذریعے یہ صوبوں کی ملکیت پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ یہ غیر قانونی ہے، غیر آئینی ہے اور غیر اخلاقی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت صوبوں کے نمائندوں کو اعتماد میں لیتی یا پارلیمان میں اس پرdebateکرواتی۔ میرا ضمنی سوال یہی ہے کہ کیوں حکومتOrdinancesکے ذریعے صوبوں کی ملکیت پر قبضہ کرنا چاہتی ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب علی زیدی (وفاقی وزیر برائے میری ٹائم افئیرز): شکریہ، جناب چیئرمین! It is good to see youکہ آپ کی طبیعت ٹھیک ہو گئی ہے اور آپ واپس آ گئے ہیں۔ یہ مسئلہ سپریم کورٹ میںsub-judiceہے۔ اپوزیشن فیصلے کا انتظار کرے ورنہdebateتو بہت لمبی ہو جائے گی۔ میں نے جواب دے دیا ہے۔Matter is now sub-judice in Courtاوراس پر بحث کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ

matter is now sub-judice in Court and he is not able to reply.

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: There is no reply from the Minister so we take up the next question. Question No. 63. Senator Rana Mehmood ul Hasan. He is not present. The Answer is laid on table of the House. [1]The Question Hour is over.

*Question No. 63 Senator Rana Mahmood Ul Hassan: Will the Minister for Communications be pleased to state:

(a) the year in which the G.T. road from

[1] Question Hour is over. The remaining questions and their printed replies placed on the Table of the House shall be taken as read.

Rawalpindi to Lahore was last repaired;

(b) whether it is a fact that the said road is in dilapidated condition at present, if so, the reasons thereof; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to repair / reconstruct that road, if so, the details thereof and if not, the reasons thereof?

Mr. Murad Saeed: (a) The section of road between Lahore to Rawalpindi is being maintained mainly through routine maintenance contracts, periodic maintenance contracts & special maintenance contracts etc. Routine maintenance contracts are awarded and executed on yearly basis through which road is kept pothole free. Presently fifteen (15) Nos. routine maintenance contracts are in progress between Lahore-Rawalpindi section. Periodic maintenance works are executed at severely distressed portions. Four (04) Nos. periodic maintenance works are executed in last two years at following locations:—

(Rs. Million)

Sr.#	Contract No	Location KM	Name of Contractor	Bid Cost
1	PM-PN-17-18-05-01	1266~1270 (NBC&SBC)	M/s Allied Constructors	63.74
2	PM-PN-17-18-05-05	1270 ~ 1295 (NBC&SBC)	M/s Taimoor Shah	175.11
3	PM-PN-17-18-05-07	1506 ~ 1509 1513 ~ 1517 (NBC)	M/s Khawaj Abbasi	57.54
4	PM-PN-18-19-05-01	1369 ~ 1375 (NBC)	M/s Indus ACE Engrs	34.17
Total				330.56

(b) It is stated that section of the GT road between Lahore to Rawalpindi has almost out lived its design life and need major repair/ rehabilitation works in various stretches.

Presently road is trafficable condition and is pothole free being maintained through ongoing routine maintenance contracts.

(c) The procurement of 07 Nos. for Periodic Maintenance contracts between Lahore to Rawalpindi are in process of approval at NHA, HQ, Islamabad wherein such portions which require overlay i.e. structural overlay, functional overlay & rehabilitation have been included to improve the condition of road. The details is as under:—

(Rs. Million)

Sr.#	Contract No	Location KM	Name of Contractor	Bid Cost
1	PM-PN-18-05-01	1295~1325 (NBC&SBC)	M/s NCC ~ M/s Talhah Const co JV	147.23
2	PM-PN-18-05-05	1411 ~ 1425 (NBC)	M/s GKG	81.79
3	PM-PN-18-05-06	1411 ~ 1425 (SBC)	M/s GKG	99.68
4	PM-PN-18-05-07	1506 ~ 1525 (NBC&SBC)	M/s Basco Const Co	103.93
5	RH-PN-2018-19-02	1359 ~ 1369 (NBC)	M/s AM Const Co	139.05
6	RH-PN-2018-19-03	1359 ~ 1369 (SBC)	M/s AM Const Co	160.16
7	RH-PN-2018-19-04	1369 ~ 1385 (SBC)	M/s AM Const Co	265.63
Total				**997.47**

*Question No. 64 Senator Rana Mahmood Ul Hassan: Will the Minister for Communications be pleased to state:

(a) whether it is fact that Rawalpindi-Kohat Road is in dilapidated condition at present, if so, the reasons thereof;

(b) the amount collected as toll tax from the commuters on the said road during the last

seven years, with year wise break up indicating also the amount spent on the repairing of the said road out of the same;

(c) the steps being taken by the Government for the repairing/ reconstruction of the said road, indicating also the amount earmarked for the same in the current fiscal year and the amount proposed to be allocated in the budget for next fiscal year; and

(d) whether there is any proposal under consideration of the Government to waive off the toll tax from the commuters on that road till its repairing / reconstruction, if not, the reasons thereof?

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! فاضل وزیر صاحب نے خود اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ Ordinance lapse ہو گیا ہے۔ Ordinance June میں lapse ہوا ہے، آج اکتوبر کا مہینہ چل رہا ہے that means from June to October, there is still no law, کوئی قانون نہیں ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہا کہ فاضل وزیر صاحب یہ کیسے فرما رہے ہیں کہ جب قانون نہیں ہے، قانون ختم ہو گیا ہے تو پھر یہ Authority کس طرح function کر رہی ہے؟ اس کا مطلب یہ کہ Authority غیر قانونی طور پر function کر رہی ہے۔ وزیر صاحب نے کہا کہ میں اس call attention notice کو لا کر چین کے ساتھ تعلقات کو خراب کرنا چاہ رہا ہوں۔ Ordinance and law تو آپ نے لانا تھا، حکومت کا کام تھا کہ وہ Ordinance and law کو لے کر آئے۔ کل قومی اسمبلی میں جو Bill آیا اور اس Bill میں بھی NAB کے قانون کی استثناء دی جا رہی ہے وہ سراسر discrimination ہے، How did you give that?

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شبلی صاحب! ایک منٹ، discussion نہیں ہو رہی۔

All the call attention Notice is asking is that the CPEC ...

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں وہ counter question نہیں کر رہے۔ He is asking کہ اس period کا کیا ہوا؟ آپ اس کا جواب دے دیں، بس. that's all.

Senator Syed Shibli Faraz: If we want to follow the laws then we have to call them all the way.

Mr. Deputy Chairman: We are following. I understand, all I am saying is the call attention has to be addressed.

Senator Syed Shibli Faraz: It has been addressed, while it was being addressed, you gave the floor to him which is against the rules.

Mr. Deputy Chairman: Because he is clarifying what is the call attention.

Senator Syed Shibli Faraz: No, rule says when the Minister makes a statement, that is the end of it, no cross questioning, that is against the laws, against the rules.

Mr. Deputy Chairman: I am saying, you can make your statement but the call attention has a purpose.

Senator Syed Shibli Faraz : Yes Sir! when the statement you ask the Minister to explain, he has given a statement and after that, that cannot be clarified. That is what the rule says, this is not what I am saying.

Mr. Deputy Chairman: Go ahead and finish the statement.

Senator Syed Shibli Faraz: No if he has interrupted then it should be marked as violation of law. This was the violation of rules and if there is violation of rules then one should not….

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ end کر لیں۔ Then I will dispose it of

سینیٹر سید شبلی فراز: اب دیکھیں بات یہ ہے، سراج الحق صاحب میں بات کر رہا ہوں۔

سینیٹر سراج الحق: آپ کسی اور موضوع پر بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز :اور موضوع نہیں ہے، یہ سب سے اہم موضوع ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: براہ مہربانی سراج صاحب۔ شبلی صاحب ختم کریں۔ سراج صاحب آپ بیٹھیں۔ میں پہلے calling attention ختم کر لوں۔ آپ اس پر بات نہیں کر سکتے۔ یہ صرف رضا ربانی صاحب کر سکتے ہیں یا وزیر۔ سراج صاحب براہ مہربانی آپ تشریف رکھیں۔ آپ کو بالکل موقع دوں گا۔ شبلی صاحب please conclude۔

سینیٹر سید شبلی فراز: اس calling attention کو ہم ختم کرنا چاہتے ہیں تو بات ہو رہی تھی CPEC کی۔ تو میں ہاؤس کو، پاکستانی عوام کو، چین کے عوام کو ان کی حکومت کو یہ باور کروانا چاہتا ہوں کہ یہ جو CPEC کے projects ہیں جو ان کے مختلف ادارے ہیں وہ اس پر کام کر رہے ہیں پلاننگ کمیشن میں۔ CWP وغیرہ، ہر جگہ پر کام ہو رہے ہیں اس کی progress رکی نہیں ہے بلکہ ایک عزم سے کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ جس طرح پچھلی پارٹی، پچھلی حکومت نے اس کو ایک ذاتی project بنا دیا تھا، جہاں پر بھی جاتے تھے وہ فیتے کاٹتے تھے تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ ایک غیر متنازعہ institutional level پر ایک mechanism بنایا جائے جس سے CPEC کے projects بھی ایک بہت منظم طریقے سے چل سکیں اور دوسرا یہ ہے کہ اس کو غیر سیاسی کیا جائے۔ یہ تو ہماری حکومت ہے جس نے کبھی بھی اور کسی بھی چیز کو اپنے لیے نہیں لیا۔ ہم تو یہاں ادارے بنانے آئے ہیں جو کہ انہوں نے تباہ کیے تھے ہم تو کام کر رہے ہیں اور ان کی صفائی کرنے آئے تھے یہ جو ملک کو انہوں نے گروی رکھوا دیا ہے یہ تو چین ہے جو ہمارا دوست ہے اور CPEC جیسے projects ہیں جنہوں نے ہمیں breathing space دی ہے۔ جو یہ issue اٹھایا گیا آج قومی اسمبلی میں اس کا بل آ رہا ہے وہ بھی ان کا ارمان پورا ہو جائے گا جب یہ ادھر آئے گا تو ہم دیکھیں گے اس وقت کی ضرورت کے مطابق، اس وقت کے interest کے مطابق آیا اس کو پاس کرنا ہے یا نہیں کرنا ہے اور مجھے یقین ہے ان کا ماضی دیکھتے ہوئے کہ انہوں نے اسی طرح کرنا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں you cannot predict things, let us leave it to the House, let the Bill come. یہ تو پہلے سے ہو جائے گا، we

conclude شبلی صاحب should not make a comment on that.
کرلیں calling attention آگے چلیں۔

سینیٹر شبلی فراز: میں نے آپ سے پہلے بھی کہا تھا اور ابھی بھی یہی کہتا ہوں کہ اس issue پر آپ نے مجھے بات کرنے دی آپ کی بہت مہربانی، مجھے کرنی پڑی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شبلی صاحب میں نے آپ کو منع نہیں کیا بات کرنے سے۔
Please do not take me wrong

سینیٹر شبلی فراز: ہم آپ کی بہت عزت کرتے ہیں you are a very noble person. آپ بہت اچھے انسان ہیں اور نہ آپ منافق ہیں میں کہہ سکتا ہوں پورے یقین کے ساتھ۔ آپ کو میں صرف یہ کہنا چاہتا تھا کہ دیکھیں کچھ issues ہوتے ہیں جو ملک کے لیے بہت اہم ہوتے ہیں وہ صرف یہاں کے لیے نہیں ہوتے ہیں۔ میں press conference کر سکتا ہوں، میں باہر جا کر بیٹھ سکتا ہوں because of my position I qualify for that۔ میں پوری press conference کر سکتا ہوں پورے ملک کے لیے۔ it is not that یہ floor of the house پر جو ملک کے مفادات، جو ملک کے interests کی باتیں ہیں ہم وہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس لیے ظاہر ہے اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ ان پر بات ہو رہی ہے تو میں اس کا کچھ نہیں کر سکتا اور اصل چیز یہی ہے کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک last comment کر دوں، اس کے بعد پھر مجھے بولنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ وہ یہ ہے۔ ایسی چیزیں باہر کے میڈیا پر چلتی ہیں۔ ہمارے دشمن بہت ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ پہلے اس Calling Attention Notice کو conclude کرلیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس CPEC Project کے بڑے دشمن ہیں۔ ان کے بڑے ایجنڈے ہیں۔ ہمیں ان کے ہاتھوں میں نہیں کھیلنا چاہیے۔ ہمیں اس project کو apolitical رکھنا چاہیے اور ان شاء اللہ ہم اس CPEC Project کو آگے لے کر جائیں گے اور یہ Project پاکستان اور چین کے عوام کے درمیان مستقبل میں دوستی اور محبت کا symbol ہوگا۔

Mr. Deputy Chairman: Calling Attention Notice is disposed of. Now, agenda No.4, Farooq Hamid Naek Sahib.

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عطاء الرحمٰن صاحب! آپ بالکل فکر نہ کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ سے promise کر رہا ہوں کہ میں آپ کو موقع دوں گا۔ مشتاق صاحب! آپ مہربانی فرما کر ایجنڈا چلنے دیں۔ میں آپ کو بھی موقع دوں۔ اس طرح تو آپ کو ایجنڈے کو suspend کرنے کے لیے motion move کرنا پڑے گا۔ اس کے بغیر نہیں ہو سکتا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایسے نہیں ہو سکتا۔ ہم بالکل پشاور کے واقعے کو discuss کر کے اٹھیں گے، میں آپ کو یقین دلا رہا ہوں۔ جی فاروق نائیک صاحب۔

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs, regarding facilitation by customs department in smuggling at Afghan border

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs hereby move under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmed on 22nd July, 2020, regarding alleged role of customs department in facilitating smuggling at Afghan border, may be extended for a

period of thirty working days with effect from 19th October, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmed on 22nd July, 2020, regarding alleged role of customs department in facilitating smuggling at Afghan border, may be extended for a period of thirty working days with effect from 19th October, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No.5, Farooq Hamid Naek.

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs regarding import of onion and tomato from Iran

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs hereby move under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi on 26th August, 2020 regarding import of onion and tomato from Iran, may be extended for a period of thirty working days with effect from 25th October, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and

Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Point of Public Importance raised by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi on 26th August, 2020 regarding import of onion and tomato from Iran, may be extended for a period of thirty working days with effect from 25th October, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No.6, Senator Muhammad Talha Mehmood.

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عطاء الرحمٰن صاحب! تھوڑا سا business رہ گیا ہے، ابھی دو منٹ میں ختم ہو جائے گا۔ عطاء الرحمٰن صاحب! جب میں آپ سے ایک بات کہہ رہا ہوں تو وہ میں کروں گا۔ میں آپ کو پورا وقت دوں گا اور اس پر پوری debate ہو گی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ میرے بھی اسی طرح بچے ہیں جس طرح آپ کے ہیں۔ مگر اس کے لیے کوئی طریقہ کار اپنانا ہوتا ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ سے بار بار کہہ رہا ہوں کہ ان کو lay ہو جانے دیں ورنہ یہ expire ہو جائیں گے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عطاء الرحمٰن صاحب! میں آپ کو بالکل بات کرنے دوں گا، میں آپ کو again and again کہہ رہا ہوں کہ میں آپ کو بات کرنے دوں گا اور جتنی دیر آپ اس پر بات کرنا چاہیں گے، کریں گے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Rules کو suspend کرنے کے لیے ہاؤس کو propose کرنا پڑے گا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب! جب ہم اس پر debate کرنے کے لیے تیار ہیں تو آپ کیوں agenda کو suspend کرنا چاہ رہے ہیں۔ اسد صاحب! آپ lay کریں۔ جب میں آپ سے commitment کر رہا ہوں تو۔ مولانا صاحب! پلیز، پلیز۔

Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding abolishment of posts under Federal Government

Senator Dr. Asad Ashraf: I on behalf of Senator Talha Mehmood, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.11, asked by Senator Mushtaq Ahmed on 26th August, 2020 regarding Government's decision to abolish the posts lying vacant for the last one year in various Divisions and Departments of the Federal Government, may be extended for a period of thirty working days with effect from 26th October, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.11, asked by Senator Mushtaq Ahmed on 26th August, 2020 regarding

Government's decision to abolish the posts lying vacant for the last one year in various Divisions and Departments of the Federal Government, may be extended for a period of thirty working days with effect from 26th October, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No. 7. Senator Ahmed Khan. Seemee Ezdi on behalf Ahmed Khan.

Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Industries and Production regarding safety standards of car being assembled in Pakistan

Senator Seemee Ezdi: I, Seemee Ezdi on behalf of Senator Ahmed Khan, Chairman, Standing Committee on Industries and Production, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a point of Public Importance raised by Senator Nauman Wazir Khattak on 26th August, 2020, regarding the safety standards of cars being assembled in Pakistan, may be extended for a period of thirty working days with effect from 27th October, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a point of Public Importance raised by Senator Nauman Wazir Khattak on 26th August, 2020, regarding the safety standards of cars being assembled in Pakistan, may be

extended for a period of thirty working days with effect from 27th October, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No. 8. Senator Muhammad Javed Abbasi.

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔آپ نے اجلاس کے شروع میں مشتاق صاحب کو یہ کہا تھا کہ question hourکے بعد اس پر بات کریں گے۔پشاور میں یہ بہت بڑاincidentہوا ہے۔یہ رپورٹ ضروری نہیں ہے، یہextension reportsہیں ان کی کوئی بڑی اہمیت نہیں ہے۔سب سے بڑی اہمیت کی بات یہ تھی کہ وہاں مدرسے میں attackہوا ہے، وہاں پر بچے شہید ہوئے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر آپ شروع ہی میں مجھے لکھ کر دے دیتے تو پورا agenda suspendکر دیتا اور ہم اسی پرdebateکر لیتے۔آپduring the sessionیہ چیز raiseکر رہے ہیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: سب سے پہلے وہissue discussہونا چاہیے۔میں اپنا وقت ان کو دیتا ہوں کہ یہ issue discussکریں اس کے بعد کمیٹی کی یہ رپورٹیں آنی چاہئیں۔ بہت ضروری ہے کہ یہ بات discussہو۔پشاور کےincidentمیں یہ مدرسے کے بچے تھے، اگر یہ کسی سرکاری یا انگریزی سکول کے ہوتے تو سارے بڑھا، چڑھا کر کہہ رہے ہوتے لیکن یہ مدرسے کے بچے ہیں اس لیے بات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ہم چاہتے ہیں کہdiscussکیا جائے، یہ رپورٹیں بعد میں آتی رہیں گی پہلے انہیں ٹائم دیا جائے تاکہ یہ واضح ہو کہ اس attackمیں کون لوگ ملوث تھے اور جناب چیئرمین! یہ کیوں ہوا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: عباسی صاحب! آپ Law and Justice Committeeکے چیئرمین ہیں and if you want to suspend the Rules and if you want to suspend the agenda you have to move a motion for it. So, if you don't move it, I am not

going to sit here and suspend the agenda and take up these things آپ move کرنا چاہتے ہیں تو خود move کریں and I will put it to the House, if the House wants to suspend it, I will suspend it. Kindly move the Report. You want to move the Report or not?

سینیٹر محمد جاوید عباسی: یہ Rules اس وقت ہوتے ہیں جب آپ Resolution پاس کرنے کے لیے جاتے ہیں۔ یہ.... public importance issue

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو گھڑی گھڑی کہہ رہا ہوں کہ میں ایجنڈے کے بعد پشاور issue کو لوں گا، اس incident کو لوں گا۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: یہ کیا بات ہے۔ یہ سارا دن Rules کے بغیر باتیں کرتے رہیں۔ کہاں.... Rules

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ Report lay کر رہے ہیں یا میں next agenda پر جاؤں؟

سینیٹر محمد جاوید عباسی: میں Report lay کرتا ہوں لیکن یہ ان کا حق ہے کہ یہ اس پر ضرور بات کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ Report lay کریں۔

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Law and Justice regarding Constitution (Amendment) Bill, 2020 (Amendment of Article 140)

Senator Muhammad Javed Abbasi: I Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2020 (Amendment of

Article 140) introduced by Senator Muhammad Javed Abbasi, on 13th July, 2020, may be extended for a period of thirty working days with effect from 31st October, 2020.

Mr. Deputy Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2020 (Amendment of Article 140) introduced by Senator Muhammad Javed Abbasi, on 13th July, 2020, may be extended for a period of thirty working days with effect from 31st October, 2020.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Order No. 9. Again Javed Abbasi.

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب! سینیٹ سیکریٹریٹ نے اگر آپ کو یہ کہا ہے کہ Rules suspend کروائیں تو یہ بالکل ٹھیک نہیں ہے۔آپ کسی بھی وقت اجازت دے سکتے ہیں اور صرف ایک رکاوٹ ہے کہ جب ہاؤس میں Resolution آئے تو اس کے move ہونے سے پہلے Rules suspend کیے جاتے ہیں اور وہ بھی صرف اس دن کے، اگر Private Member's Day نہ ہو۔ باقی کسی issue پر آپ ہاؤس کو اجازت دے سکتے ہیں اور بات کی جاسکتی ہے لہٰذا یہ پشاور کا issue بہت ضروری تھا اور اس پر بات ہونی چاہئے تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب، مشتاق صاحب! آپ کو کیا ہے۔ مجھے ایک بات بتائیں کہ آپ کو اس پر real debate کرنی ہے یا صرف بات کرنی ہے۔آپ debate چاہتے ہیں تو صرف ایجنڈا ختم ہونے دیں پھر جتنا ٹائم مانگیں گے اس پر debate چلے گی۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد جاوید عباسی: اگر یہ بچے سرکاری سکولوں کے بچے ہوتے اور انگریزی سکولوں کے ہوتے تو آپ لوگ ادھر سے بھی بات کرتے یہ مدرسوں کے بچے ہیں اس لیے بات نہیں کرنے دے رہے۔ یہ غریبوں کے بچے ہیں، اگر یہ امیروں کے بچے ہوتے، یہ محسن عزیز کی فیملی کے لوگ ہوتے، یہ اللہ نہ کرے شبلی فراز صاحب کے ہوتے تو آپ بات کرنے دیتے۔ میں انہیں اپنا ٹائم دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جاوید صاحب، عطاء الرحمٰن صاحب! پلیز آپ میری بات سن لیں۔ اگر میں اس ایجنڈا کو delay کرتا ہوں مشتاق صاحب بول لیں اس کے بعد آپ ایجنڈا چلنے دیں اور پھر آپ سارے بول لیں۔ ٹھیک ہے۔ دیکھیں اگر اور لوگ بولیں گے تو ایجنڈا نہیں چلے گا۔ میں نے مشتاق صاحب کو کہا تھا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: عطاء الرحمٰن صاحب! آپ میری بات سن لیں۔ ایک آدمی، مشتاق صاحب کو بول لینے دیں اس کے بعد ایجنڈا چلنے دیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب! پہلے پشاور کا معاملہ discuss کرلیں۔ صرف پانچ، پانچ منٹ بات ہوگی، کیوں ٹائم نہیں دیتے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج اجلاس prorogue ہو رہا ہے اور یہ جتنا ایجنڈا ہے یہ ضائع ہو جائے گا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Report lapse کر رہی ہیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: اچھا Report lay کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یار آپ سمجھا کریں۔ عطاء الرحمٰن صاحب! آپ کیوں بات کو نہیں سمجھ رہے؟

سینیٹر محمد جاوید عباسی: پشاور کی بات بہت ضروری ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عباسی صاحب! آپ lay کریں۔

Senator Muhammad Javed Abbasi: I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate,

میں احتجاجاً نہیں پڑھتا۔ ان کو پہلے آپ time دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں تیار ہوں لیکن اگر میں اس پر debate شروع کروں گا تو سارا ایجنڈا disturb ہو جائے گا۔ صرف مشتاق صاحب بولیں گے۔ Rules suspend نہیں ہو رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب آپ بول لیں یا عطاء الرحمٰن صاحب بول لیں۔ آپ آپس میں فیصلہ کر لیں۔ اس کے بعد جس نے بولنا ہے وہ ایجنڈا مکمل ہونے کے بعد بولے گا۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں اس پر بولوں گا۔ آپ نے میرے ساتھ اس پر commitment کی تھی۔ میں اس پر گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک منٹ۔ قائد ایوان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد ایوان): جناب چیئرمین! ایک تو یہ ہے کہ آپ Rules suspend کریں جیسے لوگوں کی خواہش ہے اور اس پر بات چیت کریں۔ آدھا تیتر آدھا بٹیر نہ کریں۔ یا Rules suspend کریں اور اس پر debate کریں اور یا ایجنڈا پورا ہو اور اس کے بعد آپ اس پر debate کریں۔ درمیان میں یہ مناسب نہیں ہے۔ سارے اگر بولنا چاہ رہے ہیں تو بالکل اس پر بات کا موقع دیں۔ Rules suspend کریں اور آگے چلیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! جب میں نے فاتحہ پڑھی تو آپ نے مجھے کہا تھا کہ آپ فاتحہ پڑھ لیں اور اس کے بعد۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: غفور صاحب! آپ خود ڈپٹی چیئرمین رہ چکے ہیں۔ آپ تو اپنے ساتھیوں کو سمجھائیں کہ ایجنڈے پر چلیں۔ اس پر debate کے لیے ہمارے پاس پورا دن ہے۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں قائد ایوان کا بھی مشکور ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Agenda is suspended let us start the debate.

مشتاق صاحب! آپ بول لیں۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں قائد ایوان سے درخواست کرتا ہوں۔ یہ دہشت گردی کا issue ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، مشتاق صاحب۔

Discussion on the incident of bomb blast in a madrassah in Peshawar

Senator Mushtaq Ahmed

سینیٹر مشتاق احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور قائد ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ پشاور میں یہ جو دہشت گردی کا واقعہ ہوا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ یہ بہت بڑا واقعہ ہے کہ مسجد اور مدرسے کے اندر یہ واقعہ ہوا ہے۔ جس مدرسے کے اندر 1300 طلبا پڑھتے ہیں۔ جس درس کے اندر 900 طلبا بیٹھے تھے وہاں پر یہ دھماکہ ہوا ہے۔ ہمارے 9 بچے شہید ہوئے ہیں۔ وہ بچے جو اللہ کی کتاب کے خادم تھے۔ اللہ کی کتاب کے سیکھنے والے تھے۔ وہ جو اللہ کے راستے میں اپنے گھروں سے نکلے تھے۔ جناب چیئرمین! یہ اتنا بڑا واقعہ ہے کہ میرا خیال یہ تھا کہ آج یہ ہاؤس مل کر کہے گا کہ باقی business بعد میں کرلیں گے پہلے اس مسئلے کو ہم discuss کریں گے۔ ہم تعزیت کریں گے اور فاتحہ پڑھیں گے۔ ہم اپنے جذبات کا اظہار کریں گے۔ ہم اس واقعہ کی مذمت کریں گے اور ہم مل کر strategy بنائیں گے کہ ہم اپنی مسجدوں اور مدرسوں کو محفوظ کریں۔ جناب چیئرمین! لیکن مجھے بہت افسوس ہے کہ اس ہاؤس میں اس واقعے کو ایجنڈے میں top پر نہیں رکھا گیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب! اس میں آپ کی غلطی ہے۔ دیکھیں اگر آپ نے اس پر بات کرنی تھی تو all you have to do is come to the Office and give an application. دیکھیں ہر چیز کا ایک طریقہ کار ہوتا ہے۔ یہ کوئی جنگل نہیں ہے کہ آپ کھڑے ہو جائیں کہ سب کچھ ختم کر لیں اور مجھے بولنے دیں۔ میں اس کو deny نہیں کرتا مگر ہر چیز کا ایک طریقہ کار ہوتا ہے۔ آپ صبح آتے اور آپ application کر دیئے کہ یہ معاملہ ہے۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب! میں آپ کی بات ختم کر دوں۔ کبھی بھی جب آپ چاہتے ہیں۔ آپ senior Parliamentarian ہیں اور آپ کو سینیٹ میں بڑا time ہو گیا۔ کبھی بھی آپ اس قسم کا issue raise کرنا چاہتے ہیں یا ایجنڈا suspend کرنا چاہتے ہیں تو you have to come and give an application کہ جی میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز بہت ضروری ہے۔ اس کو آج آپ take up کریں، اس کو ایجنڈے پر لائیں اور آج proceedings کو suspend کریں۔ دیکھیں، it is very difficult, بڑی محنت ہوتی ہے۔ سینیٹ کا Session call کرنے میں اور سینیٹ کا ایجنڈا بنانے میں ہر آدمی کی request ہوتی ہے اور ہر آدمی کی effort ہوتی ہے۔ یہ کہہ دینا کہ اس کو ختم کر دیں کیونکہ یہ incident ہو گیا ہے۔ میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ ہم اس incident پر بات نہیں کرنا چاہتے۔ میں صرف یہ سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ میں خود چاہتا ہوں کہ اس پر debate ہو مگر ایجنڈے کو ختم کر کے آپ چاہتے ہیں کہ debate شروع کر دیں اور سینیٹ کا سارا system ادھر ادھر کر دیں۔ میں اس کے خلاف ہوں۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں عرض کر دوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کی قدر کرتا ہوں لیکن میں صرف اس Session کا واقعہ آپ کو بتاتا ہوں۔ Monday کو Private Member Day تھا۔ یہاں پر بات آئی بغیر کسی resolution کو پیش کیے ہوئے کہ ہم اس ایجنڈے کو

suspend کرتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے اپنے اختیار کو استعمال کرتے ہوئے پہلے Orders of the Day کے ایجنڈے کو ایک طرف رکھا اور دوسری چیزوں پر discussion ہوئی اور اجلاس اسی دن ملتوی ہوگیا۔ کسی agenda Item پر بات نہیں ہوئی۔ یہ تو routine ہے کہ کوئی important, emergency اور انتہائی اہم issue آتا ہے تو کوئی ممبر اٹھ کر Chair سے درخواست کرتا ہے اور Chair اس پر مہربانی کرلیتا ہے اور اس پر discussion ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین! میں اب اس موضوع پر آتا ہوں۔ میں چونکہ وہاں پر مریضوں کی عیادت کے لیے لیڈی ریڈنگ ہسپتال گیا تھا۔ پھر اس کے بعد میں مدرسے بھی گیا۔ محترم رحیم اللہ حقانی صاحب اور ان کے علما سے ملاقات ہوئی۔ وہاں طلبا سے ملاقات ہوئی۔ میں نے وہ پوری جگہ دیکھی ہے۔ اس لیے میں کچھ first hand information اور کچھ اپنے مشاہدات اس ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں اس لیے میں چاہتا تھا کہ اس پر گفتگو ہونی چاہیے۔ یہ دارالعلوم زبیر یہ ہے۔ اس کے ساتھ جو مسجد ہے اس کو سپین جماعت کہا جاتا ہے۔ یہ دیر کالونی پشاور میں واقع ہے۔ اس میں 1300 طلبا پڑھتے ہیں۔ ہمارے 9 بچے شہید ہوگئے ہیں۔ 112 بچے زخمی ہوگئے ہیں۔ کل تقریباً 121 بچے ہیں جو شہید یا زخمی ہوئے ہیں۔ یہ بہت بڑی تعداد ہے۔ جناب چیئرمین! ان 9 بچوں کے ساتھ لاتعداد قرآن پاک اور لاتعداد کتب احادیث بھی شہید ہوگئی ہیں۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ بعض بچے ایسے ہیں کہ جن کی شناخت نہیں ہوئی۔ ان کی ہڈیاں تھی، ان کے جسم کے ٹکڑے تھے، ان کا خون تھا اور ان کی کوئی شناخت نہیں ہو رہی تھی۔ یہ ایک ایسا بدترین ظلم، سفاکی اور بربریت ہے۔ جناب چیئرمین! یہ ایک ایسی انتہادرجے کی دہشت گردی ہے کہ انہیں الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔ مجھے دکھ اس بات پر ہے کہ وہ ماں جس نے بچے کو مدرسے بھیجا تھا کہ وہ قرآن و سنت کا حافظ بن جائے گا۔ جب اس کو گوشت کے ٹکڑے ملیں گے۔ یہ ہڈیاں ملیں گی۔ یہ مسخ شدہ اور جلی ہوئی لاشیں ملیں گی۔ جو 112 بچے زخمی تھے ان ساروں کی جلد جھلسی ہوئی ہے۔ چہروں اور باقی بدن کی پوری جلد جھلسی ہوئی ہے۔ ان کی کیا حالت ہوگی۔ ہمیں ان ماؤں سے تعزیت کرنی چاہیے۔ ان اساتذہ سے تعزیت کرنی چاہیے۔ ان والدین سے تعزیت کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صبر دے۔

جناب چیئرمین! جب APS کا واقعہ ہوا تھا۔ سچی بات یہ ہے کہ جب میں اس ہسپتال گیا اور اس مدرسے گیا تو وہ زخم تازہ ہو گیا۔ ہمارا APS کا غم تازہ ہو گیا۔ میں دو چیزیں اس ایوان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ ایک چیز تو یہ کہ اس مدرسے پر پہلے بھی حملہ ہوا تھا۔ پہلے حملے میں بھی کچھ لوگ زخمی ہو گئے تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس مدرسے کو threat تھا۔ تین دن پہلے صوبائی انتظامیہ نے جا کر مدرسے کے علماء، مدرسے کے مدیر اور مہتمم سے ملاقات کر کے بتایا کہ آپ لوگوں کو threat ہے، آپ لوگوں پر حملے کا خطرہ ہے، لہٰذا اپنی احتیاط کیجیے۔ لیکن مجھے مہتمم صاحب نے بتایا کہ threat کا تو بتایا، ہم نے انہیں بتایا کہ ہم تو یہاں قال اللہ اور قال رسول پڑھاتے ہیں، ہمارے پاس تو طلباء ہیں، ہمارے پاس تو ڈنڈے بھی نہیں ہوتے تو ہمیں security دیں۔ مجھے مہتمم و مدیر رحیم اللہ حقانی صاحب نے بتایا کہ انتظامیہ نے ایک سپاہی بھی نہیں دیا، حالانکہ انہوں نے خود کہا کہ آپ لوگوں کو threat ہے، آپ پر حملہ ہو سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری چیز یہ ہے کہ Ajit Kumar Doval, Security Adviser, India نے کھل کر کہا تھا کہ ہم پاکستان میں دہشت گردی اور دھماکے کریں گے۔ وہ دھماکے شروع بھی ہو گئے۔ ڈاکٹر مولانا عادل، کراچی کے، آپ کے شہر کے بہت بڑے عالم، ہزاروں علماء کے استاد، ایک بہت towering personality, قد آور شخصیت تھے اور ان کی بہت بڑی خدمات تھیں، وہ دن دیہاڑے قتل کر دیے گئے۔

اس کے بعد بلوچستان میں دہشت گردی کا واقعہ ہوا۔ ان دونوں واقعات کے بعد پشاور کی باری تھی۔ انتظامیہ خود کہہ رہی تھی کہ پشاور کی باری ہے، مدرسہ بھی بتا دیا کہ یہ مدرسہ target ہے، مدرسے کی انتظامیہ کو بتا دیا، اس کے باوجود جب آپ اس کو security نہیں دے رہے ہیں، اس پورے منظر نامے میں، تو یہ security lapse نہیں ہے؟

جناب چیئرمین! مجھے دکھ اس بات پر ہو رہا ہے کہ جب آئی جی پولیس وہاں گئے تو انہوں نے کہا کہ ہم نے threat کو neutralize کیا، یہ چھوٹا موٹا واقعہ ہے۔ آئی جی صاحب! نو بچے شہید ہو گئے ہیں، ان کی لاشیں مسخ ہو گئی ہیں، ایک سو بارہ بچوں کے جسم جھلس گئے ہیں، زخمی ہیں۔ میرے علماء، میرے اللہ کی کتابیں شہید ہو گئی ہیں، کتب احادیث بخاری اور مشکوٰۃ شہید ہو گئی ہیں اور آپ

کہتے ہیں کہ یہ چھوٹا واقعہ ہے۔ یہ زخموں پر نمک پاشی ہے۔ آئی جی پولیس خیبر پختونخوا کو اپنے الفاظ واپس لینے چاہییں، ان کو معافی مانگنی چاہیے، انہوں نے 35 لاکھ طلباء کی جذبات اور احساسات اور پوری ملت اسلامیہ جو مساجد اور مدرسوں سے محبت کرتی ہے، ان کے جذبات کی توہین کی ہے۔

اگر آپ مسجد کو security نہیں دے رہے اور آپ خود کہہ رہے ہیں کہ threat ہے، مدرسے کو security نہیں دے رہے تو آپ دہشت گردی کے facilitator ہیں۔ آپ دہشت گردوں کو موقع دے رہے ہیں کہ وہ آئیں، اپنی کارروائی کریں، بدترین غیر انسانی کارروائی کریں اور اس کے بعد ان کے پاس safe exit ہو، یہ facilitation ہے جو کہ اس حکومت نے کی ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے دکھ اس بات پر ہے کہ ابھی تک وزیر اعلیٰ اور گورنر صاحب وہاں نہیں گئے۔ ابھی تک وزیر اعظم صاحب وہاں نہیں گئے۔ میں وزیر اعظم صاحب، گورنر صاحب اور وزیر اعلیٰ صاحب سے کہتا ہوں کہ یہ 35 لاکھ بچے جن کے پرخچے اڑ گئے، جن کی ہڈیاں اور گوشت کے ٹکڑے ہم نے جمع کیے، قرآن پاک کے نسخے شہید ہو گئے، کتب احادیث شہید ہو گئے، کیا یہ آپ کے نہیں ہیں؟ کیا یہ کسی دشمن کی ہیں؟ کیا یہ بچے دشمن کے ہیں، پاکستان کے بچے نہیں ہیں؟

جناب چیئرمین! وزیر اعظم صاحب کرتارپور کے لیے جاتا ہے، چھوٹے چھوٹے واقعات کے لیے جاتا ہے لیکن قرآن پاک شہید ہوں، کتب احادیث شہید ہوں، بچے شہید ہوں، علماء شہید ہوں، مدارس اور مساجد میں دھماکے ہوں تو کوئی حکومت اس کو own نہیں کرتی، یہ ظلم ہے۔ میں اس کی مذمت کرتا ہوں۔ میں on the floor of the House کہتا ہوں کہ جن ظالموں نے یہ واقعہ کیا ہے، اللہ تعالیٰ ان کو غرق کرے گا، اللہ ان کو ذلیل کرے گا، اللہ ان کو رسوا کرے گا۔ میرے ان چھوٹے چھوٹے نرم و نازک بچوں کے ساتھ جو کیا ہے، اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ اس دنیا میں بھی لے گا اور آخرت میں لے گا لیکن حکمرانوں کی بھی ذمہ داری ہے۔

اس حکومت کا تو یہ بیانیہ تھا کہ جس قتل کا قاتل معلوم نہ ہو، جس مقتول کا قاتل معلوم نہ ہو، حکومت اس کی ذمہ دار ہے۔ میرے نو بچے جو شہید ہو گئے، میرے ڈاکٹر مولانا عادل شہید ہو گئے، میرے قرآن پاک کے نسخے اور کتب احادیث کی جو شہادت ہو گئی ہے، اس کی ذمہ داری حکومت پر

ہے، صوبائی حکومت پر، وفاقی حکومت پر، ان کو تعزیت کے لیے دو بول بولنے کی ہمت نہیں ہوئی، ان کو وہاں جا کر فاتحہ پڑھنے کی ہمت نہیں ہوئی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشتاق صاحب، conclude کریں۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں conclude کررہاہوں۔ جناب چیئرمین! کیا package دیاہے؟ اے پی ایس کے بچوں کے لیے ایک package ہے، باچاخان یونیورسٹی کے بچوں کے لیے دوسرا package ہے، پشاور یونیورسٹی کے بچوں کے لیے دوسرا package ہے۔ جو قرآن کے طلباء ہیں، جو کتب احادیث کے طلباء ہیں، پاکستان کے قومی خزانے میں ان کے لیے کچھ نہیں ہے؟ کیا پاکستان کے قومی خزانے پر مساجد اور مدارس کا حق نہیں ہے؟ علماء اور طالبانِ علوم نبوت کا حق نہیں ہے؟

میں وزیر اعظم صاحب سے کہتا ہوں کہ مساجد کو security دیں، مدارس کو security دیں۔ میرے علماء، طالبان علوم نبوت کو security دیں۔ یہ بچے جو شہید ہوگئے ہیں، وزیراعظم صاحب! اس کا حساب دینا ہوگا، ان ٹکڑوں کا، گوشت کے ان ٹکڑوں کا، ہڈیوں کا، اس خون کا، پہلے والے خون کا، اس کا حساب دینا ہوگا۔ آپ کو پتا تھا کہ اس مدرسے کو threat ہے، آپ نے ان کو alert کر دیا تھا لیکن آپ نے security فراہم نہیں کی۔

اس لیے، جناب چیئرمین! اس ایوان میں اس پر discussion ہونی چاہیے۔ ہماری مساجد risk پر ہیں، ہمارے مدارس risk پر ہیں، ہمارے علماء کا خون بہہ رہاہے، ہمارے طالبان علوم نبوت کا خون بہہ رہاہے۔ ان کے تحفظ کے لیے حکومت کو اپنا security plan foolproof بنانا چاہیے۔ جن اداروں کی ذمہ داری ہے، ان کا احتساب ہونا چاہیے۔ جن محکموں کی ذمہ داری ہے، ان کا احتساب ہونا چاہیے اور پوری حکومت کو خود اپنا احتساب کرنا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک ان کی طرف سے بولے گا اور ایک اپوزیشن سے، یہی بات ہوئی ہے۔ جی فیصل صاحب۔

سینیٹر فیصل جاوید: جناب! میں گزارش کررہاہوں۔ جس طرح وزیر صاحب نے بھی کہا۔ It will take only two minutes.....

Mr. Deputy Chairman: We are now having this debate. If you want to talk, otherwise, I will give it to the opposition.

سینیٹر فیصل جاوید: وزیر صاحب بولیں، شبلی فراز صاحب اس پر بات کرلیں۔ میں بعد میں بات کروں گا۔

Mr. Deputy Chairman: Shibli Sahib, let the Members talk, please.

آپ کے اراکین کی بات کر رہا ہوں۔ جی۔

Senator Syed Shibli Faraz, Minister for Information and Broadcasting

سینیٹر سید شبلی فراز (وزیر برائے اطلاعات ونشریات): میں چونکہ اس ایوان کا رکن بھی ہوں ،آپ کا شکریہ، آپ نے مجھے بولنے کی اجازت دی۔ سب سے پہلے ، میں ابھی اپنے colleague سینیٹر مشتاق کو سن رہا تھا۔ ظاہر ہے کہ جس issue کا انہوں نے ذکر کیا ہے، وہ ایک انتہائی اہم issue ہے۔ جو بھی شہادتیں ہوئی ہیں، ظاہر ہے کہ نہ صرف پشاور میں، پورے پاکستان میں اس کی شدید مذمت بھی کی گئی ہے اور اس پر بہت دکھ اور افسوس کا اظہار بھی کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے بھی اس پر اپنا بیان جاری کیا۔ مقامی حکومت نے بھی جو steps لینے تھے، وہ لیے لیکن جناب چیئرمین! ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ یہ سارا، ہمارا جو image جارہا ہے، جس کے بارے میں وزیر اعظم صاحب نے ذاتی طور پر اسلامی ممالک کو ایک خط بھی لکھا ہے کہ جو گستاخ رسول ﷺ، فرانس کے صدر نے جو facility دی ہے ان لوگوں کے لیے جو کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی ذات پر کوئی بات کرے، ان کی شان میں کسی قسم کی بھی اگر کوئی گستاخی ہوئی ہے تو اس کا مسلمانوں کو کتنا دکھ اور رنج ہوتا ہے۔ اس خط میں وزیر اعظم صاحب نے یہی appeal کی ہے کہ اسلام کو سمجھنے، یہ اس کے علاوہ ہے کہ جو انہوں نے United Nations کی اسمبلی کی floor پر Islam-o-phobia کے بارے میں ایک بڑی موثر اور مدلل قسم کی تقریر کی تھی، اسی کی کڑی ہے کہ وزیر اعظم صاحب ذاتی طور پر، کبھی بھی اسلام کے بارے میں، اس issue کے بارے میں جو کہ آج پوری دنیا میں ہمارے بھائیوں

کے ساتھ ہو رہا ہے، اس کی understanding پیدا کرنے کے لیے وزیر اعظم صاحب نے نہ کوئی ایسی زبان استعمال کی، نہ کوئی ایسی بات کی جس سے مسلمانوں کے جذبات کی عکاسی نہ ہوئی ہو۔

یہ بہت بڑی جنگ ہے، یہ بہت بڑا cause ہے۔ ہمیں پتا ہے کہ ہمارے عالم اسلام کے دشمن کس طرح سے برسرِ پیکار ہیں۔ پشاور میں جو واقعہ ہوا، ظاہر ہے کہ یہ ایک ایسا واقعہ تھا، یہ دہشت گردی کی جنگ 19 سال سے چل رہی ہے۔ اس دہشت گردی کی جنگ کو جس طرح سے ختم کیا گیا اس کی مثال دنیا میں نہیں ملتی۔ آپ عراق کو دیکھ لیں، آپ لیبیا کو دیکھ لیں، آپ کابل کو دیکھ لیں جتنے بھی ممالک ہیں وہ بد قسمتی سے اس جنگ کو اس حکمت عملی اور اس احسن طریقے سے ختم نہیں کر سکے جس طرح ہم نے کیا۔ اس میں افواج پاکستان کا ایک بہت بڑا کردار ہے۔ پشاور کے لوگوں، خیبر پختونخوا کے لوگوں، بلوچستان کے لوگوں کا خاص طور پر اور پورے پاکستان کے لوگوں کا contribution ہے۔ کوئی ایسی جگہ نہیں ہے، کوئی ایسا مہینہ نہیں ہے جس میں اس قسم کے دلخراش واقعات نہ ہوئے ہوں۔ حکومت پوری طرح سے اپنی ذمہ داری سے واقف ہے۔ بد قسمتی سے بلوچستان میں بھی ایک واقعہ ہوا جس کا ہم نے پہلے سے بلوچستان حکومت کو الرٹ کر دیا تھا۔ اسی لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ جو وقت ہے، پاکستان ایک بہت sensitive دور سے گزر رہا ہے۔ اب تو almost cliché بن گیا ہے لیکن fifth generation war چل رہی ہے۔ اس میں دشمن کے عزائم کیا ہیں۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ اس ملک میں کیسے اکٹھے ہو کر اس سارے حملے کا، ان ساری سازشوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ہم بد قسمتی سے دیکھتے ہیں کہ ایسے وقت میں جبکہ اس ملک کی معیشت COVID کے بعد باوجود اس کے کہ ساری دنیا کی معیشت مسائل میں ہے، serious مسائل میں ہے کیونکہ اس وبا نے ساری economy کی supply chain کو الٹا کر دیا ہے۔ ایسی صورت حال میں پاکستان نے، پاکستانی حکومت نے ایک ایسی حکمت عملی بنائی جس سے ہم بہت کم نقصان کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ ابھی بھی یہ وبا ختم نہیں ہوئی، یہ وبا جاری ہے اور ہمیں احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیں جو ایک ذمہ دار قوم، ایک ذمہ دار ملک کرتا ہے۔ اس پر ہمیں کسی complacency میں نہیں جانا چاہیے کیونکہ یہ دوبارہ بھی آ سکتا ہے۔

دوسری بات جب یہ سب کچھ ہو رہا ہے، جب معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی ہو گئی ہے۔ جب large scale manufacturing پھر سے اٹھنے لگی ہے۔ جب current account deficit پھر سے بہتر ہونے لگا ہے۔ جب سے remittances پھر سے آنے لگی ہیں ۔ جب housing sector دوبارہ سرگرم عمل ہوگیا ہے۔ معیشت چل رہی ہے، معیشت کو political stability چاہیے۔ اب جب political stability نہیں ہوگی تو ظاہر ہے کسی ملک کی معیشت، میں بینکر رہ چکا ہوں، آپ کا بھی تعلق فنانس سے رہا ہے، جو مارکیٹس ہوتی ہیں وہ uncertainty کو بالکل برداشت نہیں کرتیں۔ اس کے باوجود ہماری سٹاک مارکیٹ اوپر جارہی ہے۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: اس واقعے کا معیشت سے کیا تعلق ہے؟

سینیٹر سید شبلی فراز: میں آپ کی طرف آتا ہوں۔ جب یہ سب کچھ ہو رہا ہے، میں ان سے request کروں گا، آپ سے request کروں گا کہ واک آؤٹ نہیں کریں گے، میری بات تسلی سے سنیں گے، اس کا جواب بھی دیں، سننے کے لیے تیار ہیں۔ جناب چیئرمین! میں نے جو بات ملکی معیشت کی، Law and order کی بات کی، اس دوران میں کیا ہو رہا ہے، اپوزیشن جو PDM کے نام سے جانی جاتی ہے۔ انہوں نے ایک سفر گوجرانوالہ سے شروع کیا ہے اور فی الحال بلوچستان پر منتج ہوا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: We are discussing Peshawar Incident only. The debate right now is on Peshawar incident

اگر آپ یہ شروع کریں گے تو پھر اپوزیشن سے بھی شروع ہو جائیں گی۔ Why do you do that.

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ تو آپ مجھے بات نہیں کرنے دے رہے۔

Mr. Deputy Chairman: Then I will go back to the agenda.

سینیٹر سید شبلی فراز: ان میں سننے کی سکت نہیں ہے، یہ اسی لیے ہو رہا ہے، یہ کیوں ہو رہا ہے، اس لیے کہ دشمن کے ایجنڈے پر یہاں پر ایسی حرکتیں کی جارہی ہیں، ایسی باتیں کی جارہی ہیں

جس سے اس ملک میں ایسے دہشت گردوں کو جنہوں نے پشاور میں واقعہ کیا، پشاور مدرسے پر حملہ کیا، اس قسم کے لوگوں کو شہ ملتی ہے۔ جب 27 فروری 2019 کو آپ کی بہادر ائیر فورس نے انڈیا کے جہاز کو گرایا تھا، آج میں خبروں میں پڑھ رہا تھا اس کو controversial بنا دیا گیا۔ آپ کو تو [XXXX][2] آنی چاہیے، آپ کو [XXXX] آنی چاہیے کہ آپ ملک کے مفاد کے خلاف بات کر رہے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Can we stick to the Peshawar incident?

سینیٹر سید شبلی فراز: ابھی نندن کو ہم نے اپنی فراخدلی، ہم نے دنیا کو بتانا تھا، اس کو بھی انہوں نے controversial بنا دیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: [XXXX] کا لفظ expunge کر دیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ ساری پشاور حملے پر منتج ہوتی ہیں، یہ اسی کی ایک کڑی ہے۔ پشاور مدرسے پر حملہ کیوں ہوا؟ اصل بات یہ ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Shibli sahib you are blaming the PDM for Peshawar attack?

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں، کیونکہ انہوں نے ایسا ماحول پیدا کیا، آزاد بلوچستان کا نعرہ لگایا گیا۔ یہ بیانیہ کس کا ہے، یہ ہمارے دشمنوں کا بیانیہ ہے۔ ہم ان کو۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: I think we should not blame anybody.

سینیٹر سید شبلی فراز: میں نے آپ سے کہا تھا، یہ سنتے نہیں ہیں اس کے باوجود میں بات کروں گا کیونکہ آپ کو ایک تناظر دینا ہے جو پشاور کے مدرسے میں ہوا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ انہوں نے ملک میں ایسا انتشار پیدا کر دیا ہے جس میں دشمن کے بیانیے کو تقویت دے رہے ہیں۔ ان کے لیڈر جو باہر بیٹھے ہوئے ہیں، جو ملک سے اثاثے لوٹ کر چلے گئے ہیں وہ آج ادھر سے بیٹھ کر، دیار غیر سے بیٹھ کر، باہر کی زمین پر بیٹھ کر ملک کے خلاف باتیں کر رہے ہیں۔ اسی لیے مدرسے کے

[2] *[XXXX] Expunged as ordered by the Chairman*

واقعات ہوں گے۔ اس لیے کہ ہمارے دشمن کا کام وہ کر رہے ہیں۔ جناب والا! یہ ایک sequence ہے، اس واقعے کو سمجھنے کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہے۔ انیس سال سے جو جنگ لڑی گئی اگر آپ اس ملک کی ریاست کو کمزور کریں گے ظاہر ہے خدانخواستہ اس قسم کے واقعات اور بھی ہوں گے۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ ادارے مضبوط ہوں اور پشاور مدرسے جیسے واقعات نہ ہوں۔ ہم وہ زبان نہ بولیں جو دشمن کی زبان ہے، ہم ایسی باتیں نہ کریں جس سے یہ تاثر جائے کہ اس ملک میں انارکی ہے۔ آپ نے کہا کہ آپ نے PDM کا نام کیوں لیا۔ میں تو آپ کو بتا رہا ہوں کہ ماحول شروع ہی انہوں نے کیا۔

Mr. Deputy Chairman: The matter is now under investigation. Blaming anybody is not right.

سینیٹر سید شبلی فراز: I am saying اس سے پشاور جیسے واقعات دوبارہ نہ ہوں۔ اس لیے اپوزیشن نے اپنا ناٹک جو بنیادی طور پر، ایک چیز ہے پولیٹیکل، ایک ہے ملک، ہمارے لیے ملک زیادہ اہم ہے۔ ہم چاہتے ہیں ہمارے ملک میں امن ہو، آشتی ہو، خوشحالی ہو۔ اس کو حاصل کرنے کے لیے آپ کو political stability چاہیے۔ آپ کا حکومت وقت سے لاکھ اختلاف ہو، criticize کریں، بالکل کریں۔ اپوزیشن کا کام یہی ہوتا ہے لیکن اپوزیشن کا کام یہ نہیں ہوتا کہ وہ دشمن کے ایجنڈے والی بات کرے، دشمن کا جو بیانیہ ہے اس کو تقویت دے کہ وہ ہمارے ہیروز کو جو ایئر فورس والے تھے ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ آپ نے تو مان لیا ہے، ہماری فتح کو آپ نے شکست میں بدل دیا ہے۔ یہ تو تابناک واقعہ تھا جس پر ہمیں فخر ہونا چاہیے انہوں نے اس کو بھی controversial بنا دیا۔ جناب چیئرمین! ہماری اپوزیشن اتنی اندھی ہو چکی ہے کہ انہوں نے صرف ذاتی مفاد کو بچانے کے لیے انہوں نے ملکی سیکورٹی کو داؤ پر لگایا ہوا ہے۔ انہوں نے ملک کے نام کو داؤ پر لگایا ہوا ہے۔ ان کے لیڈران نے بھی سیکورٹی کی بات کی ہے کہ ان کو security threat ہے، PML(N) کی لیڈر شپ نے یہ بات کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو سیکورٹی دینی چاہیے، ان کو 100% سیکورٹی دینی چاہیے۔ اس لیے دینی چاہیے کہ انہوں نے ملک کے پیسے دینے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہمیں پیسے دیں، ہم تو ان کی پوری سیکورٹی کریں گے کہ ہمیں وہ پیسے دیں جو وہ

لے گئے تھے۔ اس لیے ہم ان کو پوری سیکورٹی دیں گے، یہ ہمارے مفاد میں ہے، یہ ملکی مفاد میں ہے۔

جناب والا! جو بھی پشاور کا واقعہ ہوا، اس پر سارا پاکستان رنجیدہ ہے، ہم نہیں چاہتے کہ یہ سلسلہ دوبارہ ہو۔ یہ وہ وقت ہے کہ ہم نے اپنے اداروں کو سپورٹ کرنا ہے کیونکہ اگر ہمارے ادارے کمزور ہوں گے جو ہمارے بیرونی دشمن چاہتے ہیں، اس سے اس قسم کے واقعات کے زیادہ ہونے کا خدشہ ہے۔ ان چیزوں کو discourage کرنا چاہیے، ایسا بیانیہ نہیں دینا چاہیے جو ملک میں افراتفری اور غیر یقینی کی صورت حال پیدا کرے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سراج الحق صاحب، آپ کی turn ہے، عطاء الرحمٰن صاحب، سراج صاحب کے بعد آپ ہیں۔

Senator Sirajul Haq

سینیٹر سراج الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں پشاور پر بھی بات کروں گا لیکن پہلی بات میں آپ سے کرنا چاہتا ہوں، آپ نے مشتاق صاحب اور پورے ایوان کو نصیحت کی کہ rules کے مطابق آپ issues کو اٹھائیں۔ پشاور کے واقعے کے فوراً بعد، میں نے اور جناب کاکڑ صاحب نے 27 تاریخ کو تحریک التواء جمع کروائی ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں آپ کے اپنے دفتر، سیکرٹریٹ میں اگر انصاف، عدل اور شفافیت نہیں ہے، آپ بتائیں ہم قوم کو کیسے lead کر سکتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ آپ قانون کے مطابق آئیں، میں نے پشاور کے واقعے پر 27 تاریخ کو فوری طور پر تحریک التواء جمع کروائی ہے، عثمان کاکڑ صاحب بھی بتا رہے ہیں کہ میں نے بھی جمع کروائی ہے، آج آپ کے agenda پر وہ ہی ہونا چاہیے تھا۔

جناب چیئرمین! میں سمجھ رہا تھا کہ جناب شبلی فراز صاحب کا تعلق پشاور، کوہاٹ خیبر پختونخوا سے ہے، میں اور شبلی صاحب خیبر پختونخوا سے ممبر ہیں، جب انہوں نے صبح فرمایا کہ میں اہم مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں، مجھے سو فیصد یقین تھا کہ وہ پشاور سے ہی اپنی بات کا آغاز کریں گے، اس لیے کہ اس وقت پاکستان میں اس سے بڑا واقعہ نہیں ہوا ہے لیکن مجھے حیرانگی ہوئی کہ اس نے پشاور

کے بجائے گوجرانوالہ سے اپنی بات کا آغاز کیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے گوجرانوالہ والوں کے درد کو تو محسوس کیا، وہ پشاور کے درد کو اب بھی محسوس نہیں کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں بحیثیت سینیٹر اور میرے ساتھ مشتاق صاحب ہم دونوں کل پشاور میں رہے، اس مدرسے میں رہے، ہسپتال گئے، شہیدوں کے ورثاء سے ملے اور زخمیوں کی عیادت کی، مجھے بے انتہا افسوس ہوا، ہمارے معلوم کرنے پر انہوں نے بتایا کہ یہ واقعہ اچانک نہیں ہوا ہے۔ Intelligence اداروں نے اس مدرسے کے طلباء اور استادوں کو تین دن پہلے بتایا تھا کہ تمہارے اوپر ایک حملہ ہونے والا ہے۔ اب سوال وفاق، صوبائی حکومت ,IGP وزیر اعلیٰ، گورنر، صدر اور وزیر اعظم سے بھی ہے کہ اسی شہر میں آرمی پبلک اسکول کا بھی واقعہ ہوا تھا اور وہ بھی اسی نوعیت کا واقعہ تھا۔ کیا حکومت کا فرض نہیں تھا کہ فوری طور پر اس مدرسے کو، اس مسجد کو، اور دیر کالونی ہے بالکل آبادی کے درمیان یہ ادارہ موجود ہے، ان کو security فراہم کرتی، میری حکومت نے اس طرح کا کوئی اقدام نہیں کیا۔ جب میں اور مشتاق صاحب وہاں پر گئے، وہاں بے چارے طلباء اپنے ڈنڈے کے ساتھ کھڑے تھے، کہہ رہے تھے ایک ایک نے آنا ہے تاکہ ہم تلاشی لیں۔ کیا اس مسجد میں اتنے بڑے واقعے کے بعد ہماری پولیس اور ہمارے اداروں کا فرض نہیں تھا کہ اس کے بعد اور کوئی واقعہ ہونے سے پہلے یہ لوگ وہاں پر security فراہم کرتے، حکومت نے بے انتہا غیر سنجیدگی کا ثبوت دیا ہے اور اب بھی دے رہی ہے۔ سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب جو چیخ رہے ہیں کہ جو آرمی پبلک اسکول میں واقعہ ہوا، میں خود گواہ ہوں تیسرے دن ملک کے وزیر اعظم نے تمام سیاسی جماعتوں کو، آرمی چیف کو اور تمام اداروں کے سربراہان کو پشاور میں اجلاس بلایا، ہزارہا اختلافات، سیاسی فیصلوں اور آپس میں جھگڑوں کے باوجود بھی ہم سب ان کے کہنے پر پشاور پہنچ گئے، ایک National Action Plan ترتیب دیا گیا اور اس کے نتیجے میں پاکستان میں امن رہا۔ شبلی صاحب آپ نے جانا نہیں ہے، میں تو آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں، آپ نے جانا نہیں ہے، بیٹھنا ہے، میرے سوالات کا جواب دینا ہے، میں نے آپ کو چھوڑنا نہیں ہے، ادھر بیٹھنا ہے۔ میں آپ کا احترام کرتا ہوں لیکن دو دنوں سے آپ کے رویئے میں تبدیلی آئی ہے، لگتا ہے کہ آپ کو بھی کچھ رنگ چڑھ گیا ہے لیکن میں یہ ہی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ

سنجیدگی کا مظاہرہ کریں، ہم سب پاکستانی ہیں، یہ ہم سب کے بچے ہیں، یہ پاکستانی بچے ہیں۔ اہم مسئلہ یہ ہی تھا کہ ورثاء ہیں وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ ہم کس کے ہاتھوں پر اپنے بچوں کا خون تلاش کریں۔

جناب چیئرمین! میں کل چک درا سے آیا ہوں، ڈھائی سال کی بچی حریما شاہ اغوا ہو گئی ہے، پانچ دن بعد، رونے دھونے کے بعد حکومت کچھ نہیں کر سکی، پھر انہوں نے خود تلاش شروع کی تو ایک پہاڑ سے ڈھائی سالہ حریما بچی کی لاش برآمد ہوئی۔ رونے دھونے کے علاوہ ہمارے پاس کوئی اور چیز نہیں ہے، اہم مسئلہ یہ ہے کہ ہماری فاطمہ بیٹی، ہماری زینب بیٹی، ہمارا کراچی کا مولانا عادل اور کوئٹہ کے بے گناہ شہری مر رہے ہیں، ملک میں آگ لگی ہوئی ہے۔ شاید آپ لوگوں کو ان air-conditioned halls میں حالات کا اندازہ نہیں ہے، جناب چیئرمین! خدا کی قسم لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ ختم ہو گئی ہے، جن لوگوں نے اس پارٹی کو ووٹ دیا تھا وہ بھی پریشان ہیں اور جنہوں نے نہیں دیا وہ بھی پریشان ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ وہاں پر مسجد جل گئی، وہاں پر قرآن کریم جلائے گئے، وہاں پر مشکات شریف بہت مقدس کتاب ہے وہ جلائے گئے، وہاں پر خون کے دھبے موجود ہیں اور اس وقت پشاور میں زبردست خوف موجود ہے۔

جناب چیئرمین! باہر کی دنیا میں دیکھیں اگر کسی بلی یا کتے کے ساتھ بھی واقعہ ہوتا ہے، پوری civil society and government departments alert ہو جاتے ہیں لیکن رات گئے تک وہاں وزیر اعظم صاحب تشریف نہیں لیکر گئے، جناب چیئرمین! وزیر اعظم صاحب تو پھر بھی اسلام آباد میں ہیں، وہ جو چند قدم کے فاصلے پر وزیر اعلیٰ ہیں وہ بھی نہیں گئے حتیٰ کہ اس علاقے کا MNA and MPA بھی وہاں نہیں گئے، میں نے پوچھا کیوں نہیں آئے، بتایا گیا کہ لوگوں کے غصے کی وجہ سے وہ سامنا نہیں کر سکتے، اگر آج غصہ نہ ہو تو آپ نے کل جانا ہے، یہ ہی ہاتھ تمہارے گریبان میں ہوں گے۔ میں تجویز بھی دینا چاہتا ہوں اور تجویز یہ ہے کہ آپ کا مقابلہ اس وقت opposition کے ساتھ ہے لیکن خدا کے لیے اس opposition کے ساتھ لڑنے کی بجائے دہشت گردوں کے ساتھ لڑیں، غربت کے ساتھ لڑیں، مہنگائی کے ساتھ لڑیں، بیروزگاری کے ساتھ لڑیں اور جن درندوں نے ہمارے سینکڑوں بچوں کو اغوا کیا اور بدکاری کے بعد ان کو قتل کیا اور درگور کیا، ان کے ساتھ لڑنے کا اعلان کریں یہ آپ کا بیانیہ اب چلنے والا نہیں ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ

انڈیا کی خبروں کو دیکھیں، شبلی صاحب آپ انڈیا کے چینل کو نہ دیکھیں، آپ پاکستانی چینل کو دیکھیں، یہاں کے اخبارات کو دیکھیں، یہاں کے social media کو دیکھیں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ عوام کیا چاہتی ہے۔

جناب چیئرمین! میں اپنی بات کو ختم کرنا چاہتا ہوں لیکن آج کی خبر بہت زیادہ افسوس ناک ہے کہ جنوبی ایشیا میں اس وقت سب سے زیادہ مہنگائی پاکستان میں ہے، آخر کیوں؟ یہ opposition کی وجہ سے ہے یا تمہاری نااہلی اور غلط فیصلوں کی وجہ سے ہے۔ جناب چیئرمین! میں حکومت سے یہ ہی کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں جواب دیں کہ اس واقعے میں کون ملوث ہیں، قوم کو اعتماد میں لیں کہ تین دنوں بعد جب آپ لوگوں کو پتا چلا، آپ نے ہمارے بچوں کو security فراہم کیوں نہیں کی، یہاں پر ایک مفتی صاحب کا فتویٰ موجود ہے، وفاقی وزیر ہے کہ جب تک کسی مقتول کا قاتل گرفتار نہ ہو اس وقت تک حکومت کو ہی قاتل سمجھا جائے لہٰذا جب تک آپ گرفتاریاں نہیں کرتے، مجرموں کو سزائیں نہیں دیتے، ورثاء کی تسلی نہیں ہوتی، ہم تو حکومت کو ہی ذمہ دار سمجھیں گے، بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب اگر آپ اجازت دیں تو عثمان صاحب کے بعد آپ تقریر کرلیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Actually opposition میں لوگ زیادہ ہیں، سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ صاحب کو بولنے دیں اس کے بعد سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ صاحب آپ بولیں۔

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: شکریہ، جناب چیئرمین! آج یہ جو واقعہ discuss ہو رہا ہے یہ پوری قوم کے لیے ایک سبق ہے۔ میرے تمام بھائیوں بہنوں اور جو ممبران یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ان سے گزارش ہے کہ خدارا ہم اس کو ایک قوم کا مسئلہ لیں۔ ابھی ایک لفظ بولا، میرے بھائی سینیٹر

سراج الحق صاحب نے بہت اچھی بات کی، میں ان کی بہت قدر کرتا ہوں، یہ بہت اچھے انسان ہیں کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور جو بچے وہاں پر شہید ہوئے وہ بھی پاکستانی ہیں، جو زخمی ہوئے ہیں وہ بھی پاکستانی ہیں۔ معذرت کے ساتھ کیا ہم یہاں والے اور وہاں والے بھی یہ ثابت کر رہے ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں۔ ہم کیوں اپنے دشمن کو موقع دے رہے ہیں اور اس دشمن کو کہ جس نے بہ آواز بلند کہا کہ میں تمہارے ملک کو دولخت کر چکا ہوں اور یہ ساری دنیا کے سامنے ہے۔ اس دشمن کو جس نے کہا کہ میں ادارے کا سربراہ رہ کر تمہارے ملک میں دہشت گردی کرتا رہا ہوں اور آئندہ بھی کروں گا۔ مجھے بولنے دیں میں تو ایک سچائی کی بات کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ آپ بولیں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: میرا اللہ گواہ ہے کہ میں نہ تو حکومت کی favour کی بات کر رہا ہوں اور نہ ہی میں کسی فرد واحد کی بات کر رہا ہوں۔ مجھے اس بات کا دکھ زیادہ ہے چونکہ وہ مدرسے کے بچے تھے، ان کی آواز اس طرح نہیں اٹھائی گئی جس طرح اٹھانی جانا چاہیے تھی۔ میں کسی کے فائدے کی بات نہیں کر رہا بلکہ میں اپنے دل کی بات کر رہا ہوں۔ مجھے یہاں پر بیٹھ کر شرمندگی محسوس ہو رہی ہے اس وقت ایوان میں، اس ماحول کو، جو ماحول تھا میں ہاتھ جوڑ کر سب سے کہتا ہوں کہ please ہم نے اپنے ملک کے لیے کیا کیا ہے اور ہم کیا کر سکتے ہیں۔ کون ہے جو اس بات سے انکار کرے گا، جناب ہم سب grown up ہیں، ہم سب اپنے معاملات کو حل کرتے ہیں۔ کون اس بات سے انکار کرے گا کہ جس گھر میں آپس میں نااتفاقی ہوتی ہے تو فائدہ کس کا ہوتا ہے؟ دشمن کا فائدہ ہوتا ہے۔ اس وقت بھی اس نااتفاقی سے جو آج بھی ظاہر ہو رہی ہے، کس معاملے پر نااتفاقی ظاہر ہو رہی ہے۔ جناب میں بھی قصوروار ہوں میں مانتا ہوں لیکن کیا اس کا حل یہ ہے؟ ہم کیوں اپنی بات نہیں کرتے، ہم کیوں اس معاملے میں پڑتے ہیں، ہم کیوں ذاتیات پر attack کرتے ہیں، ہم کیوں ایک دوسرے پر attack کرتے ہیں۔ ہم کیوں وہ بات نہیں کرتے جس سے آنے والے بچوں کے لیے کوئی سبق ہو۔ معذرت کے ساتھ we the parliamentarians are responsible for it and me also. ہم نے اپنی آج کی generation کو برباد کر دیا۔ میری generation آج کی وہ نہیں ہے جو

1960s کی generation تھی۔ ہماری generation کیا وہ ہے کہ جس نے پاکستان بنایا، کیا ہم اس generation کے پیروکار ہیں؟ کیا ہم اس راستے پر چل رہے ہیں؟ اس کا فائدہ کس کو ہے؟ یہ ضرور ہے میں نے بھی اچھے پیسے کما لیے۔ ہمارے دوست بھی billionaire بن گئے لیکن کتنا عرصہ زندہ رہیں گے؟ کیا ماحول دے رہے ہیں؟ ہم کیوں اس دہشت گردی کے خلاف مل کر جنگ نہیں لڑ رہے۔ میرا مقصد صرف ایک ہے اور ہم کس ادارے کے بارے میں بات کر رہے ہیں، وہ ادارہ جس نے کہا کہ میں دہشت گردی کو ختم کروں گا۔

کیا ہم سب وہ بھول گئے ہیں، 2005, 2006, 2007, 2008, ہر روز صبح اٹھتے تھے تو نو بجے یہ دیکھنے کو ملتا تھا کہ آج کہاں پر دہشت گردی ہوئی ہے، کہاں پر آج bomb blast ہوا ہے، کہاں پر خودکش حملہ ہوا ہے، کتنے لوگ اللہ کو پیارے ہو گئے ہیں۔ ناحق ہزاروں جانیں گئی ہیں۔ ہم نے اس سے کیا سبق سیکھا۔ معذرت کے ساتھ ہم میں سے کسی نے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا چاہیے۔ یہاں سینیٹر سراج الحق صاحب اور سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے بڑی اچھی بات کی کہ چیف منسٹر صاحب کا فرض تھا اور ہے کہ ان کو جانا چاہیے۔ Prime Minister whosoever he may be اس کو اس درد میں اپنا دکھ سب کے سامنے بتانا چاہیے۔ جناب انگریزی کی ایک saying ہے، if you love me then show me. If you do not show me that creates an ambiguity کہ پتا نہیں آپ مجھے پیار کرتے بھی ہیں یا نہیں کرتے۔ اسی طرح اگر آپ کوئی کام کرتے ہیں، کہتے ہیں، آپ claim کرتے ہیں تو آپ کے actions سے بھی وہی ظاہر ہونا چاہیے۔ جناب دہشت گردی کے لیے جو افواج پاکستان نے قربانیاں دیں اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔

Mr. Deputy Chairman: Nobody is questioning that.

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: لیکن ساتھ ساتھ جب باجوہ صاحب آئے۔

(مداخلت)

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: میں بول رہا ہوں۔ 23 ووٹ لے کر آیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ conclude کر لیں۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جب باجوہ صاحب نے oath لیا تو انہوں نے کہا کہ ہم دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے۔ ساتھ ہی انہوں نے ایک لفظ اور بھی کہا تھا اور میں چاہوں گا، میں آج ان کو ایک بار پھر یاد دلاؤں گا کہ خدارا معاشی دہشت گردی کو بھی ختم کریں۔ جو آج بڑھ چکی ہے اور ہر روز بڑھ رہی ہے۔ میں آج اس floor of the House پر یہ کہتا ہوں کہ رشوت کا بازار پہلے سے بہت زیادہ گرم ہے۔ جو کام پانچ سو روپے میں ہوتا تھا آج پانچ ہزار روپے میں ہوتا ہے۔ میں کیا کروں مجھے دینے پڑتے ہیں۔ ایک ہفتہ پہلے میں نے ایک بات کی اور اگلے ہی دن مجھے چھ notices آ گئے۔ آ گئے کیا کروں۔ جناب آخر میں پھر یہ کہوں گا کہ ہمارے جو لوگ یہاں بیٹھے ہیں ہم سب کے دل ان ہی پشاور والوں کے ساتھ دھڑک رہے ہیں۔ میں دعا گو ہوں کہ جو اس وقت زخمی ہوئے ہیں خدا تعالیٰ جلد ان کو صحت یابی دے اور حکومت وقت سے یہ درخواست کروں گا without mentioning وہ کون سا سکول تھا، وہ کس جگہ پر تھے، وہ کراچی، پشاور، لاہور کا واقعہ تھا، جیسے آج تک دوسرے سکولوں کے بچوں کو ان کے زخمیوں اور ان کے شہدا کو treat کیا گیا ہے ان کو بھی اسی طرح treat کیا جائے۔ جو جو کچھ ان کے ساتھ کیا گیا ہے ان کے ساتھ بھی کیا جائے، بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب پہلے سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب بولیں اس کے بعد آپ بات کر لیجیے گا کیونکہ انہیں پہلے بات کرنے کا کہا تھا، سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب۔

Senator Maulana Atta Ur Rehman

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم امابعد۔ اس issue پر بولنے کے لیے بھی ہمارے گلے پہلے سے پھٹ گئے ہیں۔ آپ حضرات نے اتنی مہربانی کر دی ہے۔ میں حیران ہوں کہ آپ کو آج ہمارے لیے وہ قانون بھی یاد آ گیا کہ پہلے آپ کو office میں آنا چاہیے تھا۔ جس طرح محترم سینیٹر سراج الحق صاحب نے کہا کہ انہوں نے قرارداد یا تحریک التوا جمع کروائی ہے۔ سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ صاحب نے جمع کروائی ہے، میں نے جمع کروائی ہے۔ تحریک التوا جمع کروانے کے بعد بھی آپ ہم سے یہاں question کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن میں question نہیں کر رہا۔ دیکھیں وہ جو انہوں نے جمع کرائی ہے وہ بالکل صحیح جمع کروائی ہے مگر جب آپ House suspension

چاہتے ہیں، وہ جمع کرائی ہے تاکہ وہ ایجنڈے پر آئے اور ایجنڈے پر in one session صرف ایک ہی آ سکتی ہے۔ میں اس لیے آپ کو بتا رہا ہوں کہ اگر آپ کوئی چیز چاہتے ہیں اور ہاؤس یہ چاہتا ہے تو میں یہاں ہاؤس کے لیے بیٹھا ہوں، میرا کوئی personal interest نہیں ہے۔آپ اگر کوئی چیز چاہتے ہیں اور پتا نہیں ہو گی اور یہاں ایجنڈے کے دوران یہ چیز آئے گی so آپ کے لیے بھی آسانی ہے اور میرے لیے بھی آسانی ہے۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: جناب بالکل آپ کی بات ٹھیک ہے میں اس کو مانتا ہوں لیکن یہاں پر ابھی سینیٹر مشتاق احم صاحب نے بھی ذکر کیا کہ Monday کے دن یہاں پر ایک اور issue اٹھا تھا جو ہمارے جزیروں کا issue تھا۔اس کے لیے بھی انہوں نے وہاں کوئی درخواست جمع نہیں کروائی تھی لیکن یہاں آنے کے بعد پورے ایجنڈے کو suspend کرکے اس پر بات کرنے کی اجازت دی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب میں دیکھ رہا تھا وہ بھی ایجنڈا چل کر بیچ میں decision ہوئی تھی۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: جناب گزارش یہ ہے کہ اگر اتنا اہم واقعہ ہے اور آپ کو تمام واقعات کے ساتھ ساتھ اس واقعے کا بھی علم ہو چکا تھا کہ یقیناً پشاور میں اتنا بڑا واقعہ ہوا ہے۔ہمیں اس طرح مجبور کیا جاتا کیونکہ کالج کے بچے ہوں، آرمی پبلک سکول کے بچے ہوں، کسی یونیورسٹی کے بچے ہوں، کسی بھی پاکستانی کے بچے ہوں وہ ہمارے بچے ہیں۔ہمیں رونا تب آتا ہے کہ ان بچوں کے ساتھ جا کر جب ہم روتے ہیں۔آرمی پبلک سکول میں واقعہ ہوا، ہم وہاں گئے، وہاں روئے۔مردان یونیورسٹی میں واقعہ ہوا، ہم وہاں گئے، وہاں روئے۔ دوسری جگہوں پر واقعات ہوتے ہیں ہم جا کر روتے ہیں لیکن رونا اس بات پر آ رہا ہے کہ یہاں ایک مدرسے کا واقعہ ہوا ہے اور آج ہمارے ساتھ کوئی رونے والا نہیں ہے۔آخر ہمارے ساتھ رونے والا کیوں نہیں ہے۔ کیوں مدرسے کے بچوں کا خون اتنا سستا ہو گیا ہے۔ کیا مدرسے کے طالب علموں میں خون نہیں پانی بہہ رہا ہے؟آخر یہ احساس کب ہوگا۔ہمیں درس دیا جاتا ہے کہ community ہونی چاہیے، اتحاد ہونا چاہیے، اتحاد ہونا چاہیے۔ میں آج کس کے سامنے روؤں، میرے اپنے ساتھی کہتے ہیں کہ آپ خاموش ہو جائیں۔ میں

تو ان سے بھی گلہ کرنے کا روادار نہیں ہوں اور یہ ان کا دفاع کرنا چاہتے ہیں۔ میں کہنا ہوں کہ ان بیچاروں کی حکومت نہیں ہے، جن کی حکومت ہے، ان سے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آخر یہ کیا ہو رہا ہے۔ کیا آپ کو PDM کے جلسوں کو روکنے کے لیے دینی مدرسے کے طالب علم اور عام پاکستانی ملے ہیں؟ ہم نے تو یہاں on the floor کہا تھا کہ اپوزیشن سر ہتھیلی پر رکھ کر نکلی ہے۔ آئیں ہمیں گرفتار کریں، ہمارے خلاف کارروائی کریں۔ آپ کو کس چیز کا خوف ہے۔ کیا روکنے کا یہ طریقہ ہے، کیا اسے سیاست کہتے ہیں۔ ہم نے بارہا کہا ہے کہ ادارے ہماری آنکھوں کی پلکیں ہیں، وہ ہم پر بوجھ نہیں ہیں۔ لیکن جب پلکوں کا بال آنکھ میں گر جائے، اب تو تمام پلکیں آنکھوں میں آئی ہوئی ہیں۔ ہمیں پلکوں سے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اگر جرنیل سیاست نہیں کرتے ہیں اور اگر سیاست کرتے ہیں اور ہم کوئی بات کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ اداروں کے خلاف بول رہے ہیں۔ Army Public School کا واقعہ ہوا، وہاں پر باجوہ صاحب اور Prime Minister صاحب خود گئے تھے۔ اب ایک مدرسے کے بچے شہید ہوئے ہیں، انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، وہاں پر سراج الحق یا عطاء الرحمٰن جائے گا، آخر کیوں؟ انہوں نے دین کو اتنا سستا کیوں سمجھ لیا ہے؟ چاہیے تو یہ تھا کہ مدرسہ کے طالب علموں اور مذہبی لوگوں کے ساتھ یکجہتی کی جاتی۔

جناب چیئرمین! ہم جمہوریت کے حامی مولوی ہیں، ہم نے جوانوں کو روکا ہے کہ پہاڑوں پر مت جاؤ، مورچوں پر مت جاؤ، ان کو روکتے روکتے ہمارے ہاتھ اور ہماری زبانیں تھک چکی ہیں، لیکن اگر پارلیمنٹ کا اور مقتدر اداروں کا یہ رویہ ہوگا تو ہم کب تک یہ کردار ادا کرتے رہیں گے، کب تک لاشیں اٹھاتے رہیں گے، کب تک ہمارے ساتھ کوئی رونے والا نہیں ہوگا۔ ہم کہاں جائیں، کس کی آستین پر اپنا لہو ڈھونڈیں، کس کو کہیں کہ آپ ہمارے دشمن ہیں۔ یہاں پر شبلی فراز صاحب کہتے ہیں کہ PDM والے انڈیا کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ عجیب بات ہے۔ آپ کو اپنا اپوزیشن کا دور یاد نہیں آتا، اپنے دھرنے یاد نہیں آتے، آپ نے China کے صدر کا دورہ رکوا دیا تھا۔ آج آپ کو سب کچھ یاد آ گیا ہے۔ یہ حقیقت ہے، آپ جتنی آنکھیں چرائیں، جتنا یہ کہیں کہ ہمارا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے، لیکن ہے۔ اگر ہے تو پھر اعتراض برداشت کرنا ہوگا۔ میں فوجی ادارے کی بات نہیں کر رہا لیکن میں یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ Generals ان واقعات میں ملوث ہیں۔ ہم کہاں جائیں،

کب تک آنکھیں بند کیے رکھیں، کب تک خاموش رہیں، کب تک کہیں گے کہ یہ واقعات ملک دشمنی پر مبنی ہیں، کب تک آپ انڈیا، ایران اور افغانستان کو مورد الزام ٹھہراتے رہیں گے۔ پاؤں کے نشانات آپ کی طرف جاتے ہیں۔ ہم کس کے سامنے روئیں۔ عجیب بات ہے کہ جب ہمارے اپنے اداروں کے خلاف کوئی کارروائی ہوتی ہے تو میں ان کے ساتھ جانے کے لیے تیار ہوتا ہوں، ان کے ساتھ رونے کے لیے تیار ہوتا ہوں، میں ان کے تجہیز وتدفین میں شامل ہوتا ہوں۔ لیکن نہ کوئی میرے تجہیز وتدفین میں شامل ہوتا ہے اور نہ کوئی میرے ساتھ رونے والا ہے۔ ہم کہاں جائیں، کس کے سامنے روئیں، کسے اپنا دکھڑا سنائیں۔

جناب چیئرمین! میں آج آپ کے رویہ سے اور اپوزیشن کے رویہ سے نالاں ہوں۔ حکومتی لوگوں کو اس لیے نہیں کہتا کہ ان بیچاروں کی تو حکومت ہے ہی نہیں، ان کو کچھ علم نہیں ہے کہ حکومت کیسے چلائی جاتی ہے، یہ صرف جھنڈا لگانے کے عادی ہیں، یہ مراعات کے عادی ہو چکے ہیں۔ انہیں ملک اور عوام عزیز نہیں ہے، انہیں حکومت سے کوئی سروکار نہیں ہے، صرف اس چیز سے سروکار ہے کہ بین الاقوامی agenda کی تکمیل کیسے کرنی ہے، FATF کے bill کیسے pass کیے جائیں گے۔ ایوان جسے ہم federation اور ایوان بالا کہتے ہیں، یہاں پر بھی اس قسم کا رویہ ہو۔

جناب چیئرمین! میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ اس ایوان کو ایوان سمجھیں، اسے قوم کی آواز کا ادارہ سمجھیں، یہاں ہمیں بھی بولنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ اتنی مدت کے بعد کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے، اگر یہ واقعہ مدرسے پر نہ ہوتا، کسی فوجی کیمپ میں ہوتا، Army Public School میں ہوتا تو پھر بھی آپ ہم سے پوچھتے کہ rules کو suspend کروں یا نہ کروں؟ ہمارے آنے سے پہلے آپ نے rules بھی suspend کر دینے تھے، اس پر بحث بھی کرا لینی تھی۔ آج ایک غریب مدرسے کے طالب علم شہید ہوئے ہیں، کسی کو احساس ہی نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایسی بات نہیں ہے، میں نے اس پر debate کرانی تھی۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: آپ کو اس issue کو اہم سمجھنا چاہیے تھا۔ صبح مشتاق صاحب نے یہاں پر بات کی تھی، آپ نے دعا کے بعد کہا کہ میں question hour کے بعد بات کرنے دوں گا۔ اس کے بعد سے آپ کیوں agenda چلا رہے ہیں، کیا اسے suspend نہیں کیا جانا چاہیے

تھا، کیا پہلے ایسی روایات موجود نہیں ہیں؟ سوموار کے دن جزیروں کے لیے agenda suspend نہیں کیا گیا۔ اگر اس پر بحث ہو سکتی ہے تو ان معصوم بچوں کے خون کو کیوں رائیگاں کیا جا رہا ہے۔ یاد رکھیئے ہم اس مدرسے کے واقعہ کو رائیگاں جانے نہیں دیں گے، ہم صاحب اقتدار سے پوچھیں گے۔ عجیب بات ہے کہ آج بھی اس مدرسے پر کسی قسم کی سیکورٹی نہیں ہے، آخر کیا وجہ ہے؟ شاید انتظار ہے کہ کل پھر PDM کے جلسے کو روکنے کے لیے کوئی سازش کی جائے گی، کوئی دھماکہ کیا جائے گا۔ خاطر جمع رکھیں، PDM نے جو اعلان کیا، اس کے مطابق پشاور میں اجتماع ہو گا اور ہر صورت میں ہو گا۔ آپ نے جو کرنا ہے کر لیں، ہم اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر آئے ہیں۔ لیکن یاد رکھو کہ وقت ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا۔ ایک وقت تھا کہ یہ پارٹیاں اس طرف تھیں، آج یہ پارٹیاں اس طرف ہیں، کل یہ ادھر ہوں گی۔ ان کی کوئی حکومت نہیں ہے۔ میں ان اداروں کو بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیشہ آپ کی حکومت نہیں رہنی، آپ نے بھی اس قوم کو جوابدہ ہونا ہے۔ سیاست سے کنارہ کش ہو جاؤ، جاؤ اپنے بارڈر کو سنبھالو، اگر سیاست کرنی ہے تو پھر آپ سے بھی پوچھا جائے گا۔ میں آخر میں ایک مرتبہ پھر اس جامع کے طالب علموں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان بچوں کے لے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی شہادت کو قبول فرمائے، ان کے درجات بلند کرے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت دے کہ ہم ان حالات سے قوم کو نکال سکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، مولانا عطاء الرحمٰن صاحب۔ جی محسن عزیز صاحب۔ محسن عزیز صاحب میں نے عثمان صاحب کو کہہ دیا تھا، ان کے بعد آپ بات کر لیں۔ کوئی بات نہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب میں تو پانچ منٹ سے waiting پر ہوں۔ جناب خیر ہے اب مائیک بھی on ہو گیا ہے، مجھے بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محسن بھائی مان جائیں۔ کوئی بات نہیں، have a big heart, don't be like this. انہیں بات کر لینے دیں، it doesn't matter, please. کوئی بات نہیں، کوئی ناراض نہیں ہے، we are all colleagues. ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ عثمان صاحب بولیں۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: مہربانی، جناب چیئرمین! یہ بہت اہم issue ہے کوئٹہ اور پشاور میں جو دھماکے ہوئے ہیں۔ اس پر میں نے، سراج الحق صاحب اور عطاء الرحمٰن صاحب نے تحریک التوا جمع کی ہوئی تھی۔ آج جو تحریک التوا ہے وہ ادویات کے حوالے سے ہے، یہ بہت ضروری تھی۔ سیکریٹریٹ کو یہ تحریک التوا لگانی چاہیے تھی جو کہ سیکریٹریٹ نے زیادتی کی ہے۔ بالکل زیادتی کی ہے اور وہ اس میں involved ہیں، انہیں یہ نہیں کرنا چاہیے تھا۔

جناب چیئرمین! کوئٹہ ہزار گنجی کے علاقے میں سات لوگ شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔ پشاور کے مدرسے میں ایک سو دس لوگ شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔ بات بہت سادہ ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ضیاء الحق نے یہ کام شروع کیا اور مشرف نے اسے پروان چڑھایا۔ یہاں پر سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ ملک میں پارلیمنٹ کی بالادستی نہیں ہے۔ ملک میں آئین اور قانون کی حکمرانی نہیں ہے۔ یہاں پر ضیاء الحق اور مشرف کے ادوار میں ایک بھی جنرل نے استعفیٰ نہیں دیا کہ آپ نے آئین کی پامالی کی اس لیے میں استعفیٰ دے رہا ہوں۔ ججز نے استعفیٰ دیا، LFO and PCO پر بعض ایسے جج تھے جنہوں نے استعفیٰ دے دیا کہ ہم اس کے مطابق حلف نہیں لیں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اب بھی مشرف کے باقیات موجود ہیں۔ اب بھی بعض ایسے جرنیل ہیں جو آئین کی راہ پر نہیں چل رہے ہیں۔ وہ پارلیمنٹ کی بالادستی کو نہیں مان رہے ہیں۔ آئین اور قانون کی حکمرانی کے لیے وہ مسئلہ ہیں، سادہ بات یہ ہے۔ آج بھی پشاور اور سارے صوبے کا اختیار کسی بریگیڈیئر کے پاس ہو گا، بلوچستان، سندھ اور پنجاب کی بھی یہی حالت ہے۔ سارے اسلام آباد اور وزیراعظم ہاؤس کے اختیارات کسی عمران خان کے پاس نہیں ہیں۔ وہ فوجی اسٹیبلشمنٹ کے پاس ہیں۔ خارجہ پالیسی، داخلہ پالیسی، میڈیا پالیسی، عدلیہ پالیسی اور معاشی پالیسی کسی کے پاس نہیں ہے۔ سب نے دیکھا ہے کہ عدلیہ پر حملہ آور ہوئے ہیں۔ ہم سب دیکھ رہے ہیں کہ یہاں پر میڈیا پر حملہ آور ہیں، میڈیا کو کنٹرول کر رہے ہیں، عدلیہ controlled ہے، عدلیہ کو اپنا کام کرنے کے لیے نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ اب دہشت گردی ہے۔ دعویٰ کر رہے تھے کہ چھ سے آٹھ آپریشن ہوئے ہیں اور ہم نے دہشت گردوں کی کمر توڑ دی ہے۔ وہاں North Waziristan سٹیڈیم میں گئے کہ کوئی دہشت گردی نہیں ہے، لوگ خوش ہو گئے۔ مجھے دو سال ہو گئے ہیں کہ ایک question جمع کروایا ہوا ہے

کہ ردالفساد میں دہشت گردوں کے کوئی 10/20/30/40/50 یا 100 نام تو بتائیں کہ ہم نے یہ دہشت گرد گرفتار کیے ہیں۔ میں نے اس ایوان میں سوال کیا تھا۔ کوئی یہ تو بتائے کہ ہم نے فلاں فلاں دہشت گرد کو مارا ہے، نہیں بتا سکتے ہیں۔ ہاں البتہ کم و بیش ستر ہزار پشتونوں کو خیبر پختونخوا اور فاٹا میں مار دیا گیا ہے جو کہ ریکارڈ پر ہے۔ 94 ہزار گھر مسمار کر دیئے گئے ہیں، یہ میں حکومت کا ڈیٹا بتا رہا ہوں۔ سوات سے وانا تک چالیس لاکھ لوگ IDPs ہو گئے۔ سزا کس کو ملی؟ لہٰذا جب مشرف یہ کہہ رہا تھا کہ یہ دہشت گرد ہمارے assets ہیں۔ کس کے خلاف assets ہیں؟ عوام کے خلاف، جمہوریت کے خلاف، پارلیمنٹ کے خلاف، آئین اور قانون کے خلاف اور کیا ہیں، کس کے خلاف ہیں۔ یہ assets انڈیا کے خلاف نہیں ہیں، یہ assets صرف اور صرف جمہوریت، پارلیمنٹ اور پشتونوں کے خلاف ہیں۔ پشتونوں نے کیا گناہ کیا ہے کہ ستر ہزار شہید کر دیئے گئے ہیں۔ آج بھی فاٹا میں ہر ہفتے کرفیو لگتا ہے، ہر روز ماورائے آئین قتل و قتال جاری ہے۔ آج بھی گھروں کی تلاشی لیتے ہیں۔ آج بھی ہماری بہنوں کی، ماؤں کی فاٹا میں بے حرمتی کر رہے ہیں۔ کوئی تو ہو جو اس کے خلاف آواز اٹھائے۔

جناب چیئرمین! National Action Plan بنایا گیا، کہاں گیا وہ National Action Plan. پشتونخوا ملی عوامی پارٹی یہ کہتی ہے کہ چاہے سکول، کالج، یونیورسٹی، مذہبی مدرسے، ہسپتال ہوں، جہاں بھی واقعات ہوں، ان سب واقعات کو ایک ہی نظر سے دیکھنا چاہیے۔ اب جس احسان اللہ احسان نے دعویٰ کیا تھا کہ میں نے 150 بچوں کو پشاور کے سکول میں قتل کیا تھا، اسے Safe House سے فرار کروا دیا گیا ہے اور احسان اللہ احسان نے خود انٹرویو دیا جو کہ ریکارڈ پر ہے، کسی نے بھی اس کا جواب نہیں دیا۔ PDM اور PTM کا دوسرے روز ISPR والے جواب دیتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں کو، میاں نواز شریف کو، بلاول بھٹو کو دوسرے روز اور محمود خان اچکزئی کو اسی روز ISPR جواب دیتی ہے۔ احسان اللہ احسان کو جواب کیوں نہیں دیا گیا؟ اس نے کہا کہ مجھ سے Safe House میں مطالبے کیے گئے کہ آپ کو وہاں پر death squad کی رہنمائی کرنا ہو گی۔ کوئٹہ اور پشاور میں آپ کے دفاتر ہوں گے، آپ نے فلاں فلاں target killing کرنا ہو

گی۔ یہ ریکارڈ پر ہے، کسی نے جواب نہیں دیا۔ جب احسان اللہ احسان Safe House سے گیا تو اب یہ واقعات اور زیادہ بڑھ گئے ہیں۔ کوئی تو اس پارلیمنٹ اور عوام کو جواب دے۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ کمال کی بات تو یہ ہے جو GHQ کے Gate-4 کا سیاستدان ہے، وہ کون ہے، شیخ رشید۔ ہمیں آج تک معلوم نہیں تھا کہ یہ کہاں سے آ رہے ہیں۔ کون سے Gate-4 سے آ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! عجیب دنیا ہے، شیخ رشید نے خود اعلان کیا کہ NACTA کے حوالے سے یہاں پر red alert ہوگا، شیخ رشید کہہ رہے ہیں۔ کوئٹہ اور پشاور میں واقعات ہوں گے۔ شیخ رشید کسی intelligence ادارے کے سربراہ ہیں یا خدانخواستہ اس بندے پر کوئی آسمانی صحیفہ آیا کہ یہاں پر یہ واقعات ہوں گے۔ انہوں نے جو میڈیا کو کہا، وہی واقعات ہو گئے۔ ابھی نہ شیخ رشید کے خلاف کوئی case ہوا، نہ ان کی گرفتاری ہوئی اور جو مشہور دہشت گرد تنظیمیں ہیں، جنہیں NACTA اور وزارت داخلہ نے خود define کیا ہوا ہے۔ ایک بھی تنظیم نے اس کی ذمہ داری نہیں لی ہے۔ شیخ رشید نے کہا، وہی ہوا۔ شیخ رشید خود کہتے ہیں کہ میں گیٹ نمبر 4 کا بندہ ہوں، تو یہ کوئٹہ اور پشاور کا واقعہ ایک engineered واقعہ ہے۔ اس پر وزیرِ داخلہ اور سیکرٹری داخلہ کو مستعفی ہو جانا چاہیے تھا، نمبر ایک۔ اس کے ساتھ جو انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان ہیں، انہیں مستعفی ہو جانا چاہیے تھا۔ وہ کیوں مستعفی نہیں ہو رہے؟ اس وجہ سے کہ سب کچھ ان کی آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین! جب کوئٹہ کا جلسہ آیا، نیکٹا نے red alert جاری کیا، mobiles بند کر دیے گئے، وہاں کوئٹہ میں محسن داوڑ کو نہیں چھوڑ رہے تھے، پھر یہاں پر یہ واقعہ ہوا جو ابھی 22 تاریخ کو PDM کا جلسہ پشاور میں ہونے جا رہا ہے۔ کوئٹہ میں تاریخ ساز جلسہ ہوا، منظّم، بہترین، عوام کی شرکت، اسی وجہ سے یہاں ہم پر مسلط لوگ بوکھلا گئے ہیں۔ یہ چیخ رہے ہیں۔ آج ایک وزیر نے بزورِ طاقت تین مرتبہ یہاں پر تقریر کی۔ اگر آپ جمع کر لیں تو تقریباً ایک گھنٹہ اس نے بولا۔ یہ لوگ ٹیلی وژن پر گالیاں دے رہے ہیں اور PDM کو انڈیا کا ایجنٹ قرار دے رہے ہیں۔ میں ان لوگوں پر لعنت بھیجتا ہوں۔ انہوں نے مذاق بنایا ہوا ہے۔ جو کروڑوں لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں اس اپوزیشن کے خلاف آپ یہاں ایسی فضول باتیں کر رہے ہو۔ مذاق بنایا ہے آپ لوگوں نے۔ آپ

کی حیثیت تو ہمیں معلوم ہے کہ آپ نے کشمیر کے وزیراعظم پر غداری کا مقدمہ بنایا، باقی تو سب چھوڑ دو۔

جناب چیئرمین! کوئٹہ میں 8اگست کو جو وکلاء کا واقعہ ہوا، اس میں 70 وکلاء شہید ہوگئے جبکہ دوسرے لوگوں کو ملا کر لگ بھگ 100 لوگ شہید ہوئے۔ قاضی فائز صاحب نے سپریم کورٹ کی طرف سے ایک انکوائری کی، اس نے کہا کہ یہ یہ لوگ involve ہیں، بجائے اس کے کہ اس انکوائری پر عمل درآمد ہوتا، اس کو سزا دی گئی۔ فیض آباد میں جنرل صاحب ان لوگوں کو لفافے پیش کر رہے تھے کہ آپ آگئے، آپ نے مرکزی حکومت کو یرغمال بنایا، یہاں پر اسلام آباد کو یرغمال بنایا اور پارلیمنٹ کو یرغمال بنایا۔ وہ انہیں لفافے دے رہے تھے۔ قاضی فائز نے اس پر فیصلہ دیا۔ اس کی سزا نہیں دی گئی۔ یہاں پر قاضی فائز صاحب نے کہا کہ جرنیلوں کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ زمین لے لیں۔ ابھی شمار کرلو کتنی لاکھوں ایکڑ زمینیں جرنیلوں کے پاس ہیں۔ ہزاروں کے حساب سے قیمتی پلاٹس جو شہروں میں اور DHAs میں ہیں، ان لوگوں نے لیے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب! آپ پشاور کے واقعے پر رہیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! یہ ملک عوام کا ہے۔ ملک کا فیصلہ پارلیمنٹ کو کرنا چاہیے، منتخب حکومت کو کرنا چاہیے۔ آخر میں، میں یہ کہوں گا کہ پشتونوں کے ساتھ یہ دشمنی چھوڑ دو۔ نمبر ایک۔ آپ کے دوست، آپ خود کہتے ہیں کہ افغانستان کے ستر فیصد area پر وہ قابض ہیں۔ میں یہ بات نہیں مانتا۔ آپ کہہ رہے ہیں پھر وہ ستر فیصد علاقے سے کیسے آکر یہاں پاکستان میں دہشت گردی کرتے ہیں۔ ہمیں جواب دو، مذاق مت بناؤ۔ یہاں پر پالے ہوئے ہیں، 75 دہشت گرد تنظیمیں یہاں پر ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عثمان صاحب! آپ پلیز conclude کرلیں، باقیوں نے بھی بات کرنی ہے۔ اگر سارا time آپ لے لیں گے تو باقی ممبرز کو کیا time دوں گا۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: میں آخر میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ فوج اور انٹیلی جنس اداروں کو سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے، الیکشن میں حصہ نہیں لینا چاہیے۔ عوام جانے عوام کی سیاست جانے۔ عوام جانے، ان کی پرچی اور ان کا الیکشن جانے، منتخب حکومت جانے، اس کی پالیسیاں جانیں۔ نہ

منتخب حکومت کے کاموں میں مداخلت ہونی چاہیے، نہ الیکشن میں، نہ سیاست میں، نہ پارلیمنٹ میں۔ ہم سب کو آئین کی پابندی کرنی چاہیے جو کہ نہیں ہو رہی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محسن عزیز صاحب۔

Senator Mohsin Aziz

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! بچے سب بچے ہوتے ہیں، چاہے وہ پتلون پہنیں، چاہے وہ انگریزی کی کتاب پڑھیں، چاہے وہ شلوار قمیض پہنیں۔ سب بچوں سے زیادہ پیارے ہمارے وہ بچے ہیں جو اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، جو کہ اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرتے ہیں، یہ وہ بچے ہیں جنہوں نے اللہ کی کتاب کو حفظ کیا ہوا ہے اور جو دن رات اسی میں لگاتے ہیں۔

آج ہم جو بات کر رہے ہیں افسوس کے ساتھ کر رہے ہیں۔ آج جو بات ہم کر رہے ہیں، دکھ اور درد کے ساتھ کر رہے ہیں۔ یہ جو واقعہ ہوا ہے، سب سے پہلے تو اس کی مذمت یہاں پر ہوئی ہے، بالکل صحیح ہوئی ہے، ہونی چاہیے۔ ساتھ ہی ساتھ جو بعض بھائیوں کا گلہ ہے، وہ بھی صحیح ہے۔ جب بعض بچے شہید ہوئے، وہ بھی ہمارے بچے ہیں، اس وقت بھی پاکستان رو رہا تھا، اس وقت بھی خیبر پختونخوا خون کے آنسو رو رہا تھا کیونکہ خونِ ناحق ہوا تھا۔ آج بھی جب وہ دن آتا ہے تو پورے پشاور میں سوگ منایا جاتا ہے لیکن اس واقعے کی میڈیا نے اور نہ کسی اور نے زیادہ بات کی جو کہ افسوسناک ہے۔ ان بچوں کا بھی ویسا ہی خون ہے، یہ بھی انہی کی طرح ماں باپ کے بچے ہیں، ان میں سے بھی کوئی اکلوتا ہوگا، کوئی گھر سے tiffin لے کر نکلا ہوگا اور واپسی پر رات کو پھر اس کی ماں نے اس کا جنازہ دیکھا ہوگا اور والد نے جنازے میں شرکت کی ہوگی۔

میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ rules should have been suspended today and we should have talked about this. اس پر ہمیں یہاں کھل کر بات کرنی چاہیے۔

Mr. Deputy Chairman: Mohsin sahib, we were going to talk about it. I just wanted to finish the agenda and this is what my plan was. I don't know why is it being misunderstood.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ islandکا ایک معاملہ ہے، کوئی china cutting کرنا چاہ رہا تھا، کوئی اس پر قبضہ کرنا چاہ رہا تھا اور حکومتِ پاکستان بہتری کے لیے اس میں آ گئی، پاکستان کی بہتری کے لیے، علاقے کی بہتری کے لیے، اس طریقے کے یہاں جو motions لائے جاتے ہیں یا اس طرح کی جو گفتگو ہوتی ہے، اسے ہم اس کی بجائے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک جائز بات تھی۔

جناب! یہاں ہمیں چاہیے کہ نہ صرف اس واقعے کو condemn کریں، نہ صرف اس پر افسوس کریں، نہ صرف اس پر گفتگو کریں لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی چاہیے کہ اس subject کو، جس طرح میں نے یہاں کئی پرانے subjects دیکھے کہ انہیں derail کر دیا جاتا ہے۔ ہم main subject سے ہٹ کر سیاست میں لگ جاتے ہیں۔ کیا ہمیں یہ معلوم نہیں ہے، خاص طور پر خیبر پختونخوا کے جو جوان ہیں، جو بوڑھے ہیں، جو بچے ہیں اور خاص طور پر بلوچستان کے جو بچے، بوڑھے، جوان اور عورتیں ہیں، کیا انہیں معلوم نہیں ہے کہ گزشتہ بیس سالوں سے ہمارے پورے ملک کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، خاص طور پر ان صوبوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ ہمیں معلوم ہے۔ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ یہ کون کروا رہا ہے؟ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ یہ کس کے interest میں ہے؟ ہم سب کو معلوم ہے کہ اس میں فنڈنگ کون کر رہا ہے۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ یہ واقعات کیوں ہو رہے ہیں۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ کس کو لرزایا جا رہا ہے۔ خیبر پختونخوا کے غیور عوام، خیبر پختونخوا کی غیور مائیں، بہنیں اور بچے اور خاص طور پر بلوچستان کے، میں باقی پاکستان کو بھی غیور سمجھتا ہوں لیکن یہ جو دو صوبے ہیں، انہوں نے shield بن کر پاکستان کی حفاظت کی ہے۔ For twenty long years, we have protected this country. بات یہ ہے کہ یہ سلسلہ افغانستان سے چلا ہے، اس کی فنڈنگ RAW نے اور دوسرے ممالک نے کی ہے جو پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں، جو پاکستان کو اس نہج پر لانا چاہتے ہیں کہ آخر یہاں کے بزنس مین، یہاں کے investors اور یہاں کے لوگ جو اس کی economy کو چلاتے ہیں، یہاں سے بھاگ جائیں لیکن مجھے فخر ہے کم از کم اپنے جیسے خاندان پر کہ ہم نے پشاور نہیں چھوڑا۔ ہم ہر حالت میں پشاور میں رہے، اپنے آپ کو protection دی لیکن protection دینے والی صرف اللہ

تعالیٰ کی ذات ہے، جو گولی سینے پر لکھی ہو گی، ان شاءاللہ کھائیں گے اور وہ کسی کے سر یا سینے پر نہیں لگ سکتی۔ یہاں افسوس ہوتا ہے کہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ ان واقعات سے ہمیں کس نے نکالا؟ عوام نے ضرور ساتھ دیا لیکن وہ کون سا ادارہ تھا جس نے ان حالات سے ہمیں نکالا؟ کراچی میں جو حالات تھے، کس ادارے نے وہاں قربانیاں دیں، وہاں کوششیں اور جستجو کی، وہاں گھر گھر اور قریہ قریہ جو مصیبتیں تھیں، لوگوں نے underground trenches میں بندوقیں اور ammunition سنبھال کر رکھا ہوا تھا۔ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ وہ کون سا ادارہ تھا اور کون سا ادارہ ہے جو یہ قربانیاں دیتا چلا آ رہا ہے؟A Major, A Colonel even a General اس کی کیا تنخواہ ہوتی ہے، میں یہاں کسی کو کہتا ہوں کہ وہ اس تنخواہ پر اپنا بچہ دے دے، ایسی بات نہیں ہے۔ یہاں جنرلوں کے جو نام لیتے ہیں، وہ اپنے منہ کو بند رکھیں، یہ وہی ادارہ ہے جس نے ہمیں کم از کم آج سکون سے رہنے دیا کیونکہ every second day, every third day, there used to be a blast, don't we remember? ان blasts کو پھر کس نے روکا؟ آیا آپ نے یا میں نے بندوق اٹھائی تھی؟ آیا آپ اور میں وہاں گئے تھے، جو علاقے ہیں، میں سب کے نام نہیں لینا چاہتا، انہوں نے قربانیاں دی ہیں، انہوں نے شہادتیں دی ہیں، آج بھی وہ لوگ ہسپتالوں میں موجود ہیں۔ ہم یہاں بیٹھ کر انہیں یہ message دے رہے ہیں۔ کیا یہ انڈیا کا بیانیہ نہیں ہے؟ کیا یہ ہمارے دشمن کا بیانیہ نہیں ہے جو ہم یہاں بیٹھ کر دے رہے ہیں؟ کیا کراچی میں، کیا گوجرانوالہ میں اور خاص طور پر بلوچستان میں ان کا بیانیہ نہیں بولا گیا؟ ہم یہاں اس پر بات کریں یا نہ کریں، اگر نہ کریں تو کیوں نہ کریں کہ ایک بیانیہ ہے اور وہ بیانیہ یہ ہے کہ ایک institution وہ ہے جو پاکستان کو protect کر رہا ہے اور آج وہ پاکستان کو کافی بہتر حالات پر لے گیا ہے، اس کی بار بار یہاں گفتگو ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں ایسی گفتگو شرم ناک ہے، یہاں ایسی گفتگو احمقانہ گفتگو ہے، ایسی گفتگو بالکل ناجائز اور anti-Pakistan گفتگو ہے جسے آپ Chair اور کسی کو بھی allow نہیں کرنا چاہیے۔

جناب والا! میں یہاں اپنی ماؤں، بہنوں کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں، ان ماؤں، بہنوں کو جو آج چپ کر کے اپنے گھروں میں رو رہی ہیں، اپنے بچوں کا ماتم کر رہی ہیں۔ ہمیں بھی

چاہیے کہ ہم بھی ان کے ساتھ شریک ہوں، ہمیں بھی چاہیے کہ ہم جا کر انہیں دلاسہ دیں۔ Compensation سے کسی کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا، کوئی بھی compensation کے لیے اپنے بچے قربان نہیں کرتا، کوئی بھی compensation کے لیے اپنے آپ کو قربان نہیں کرتا لیکن اگر کوئی چھوٹی موٹی دلجوئی کے لیے، غربت کو تھوڑا دور کرنے کے لیے، شاید ان میں ایسے بچے بھی ہوں جو ماں، باپ کے لیے باہر سے پیسے کما کر لاتے ہوں، اگر ان کی compensation کی جاتی ہے تو ضرور ہونی چاہیے۔ میرا حکومت سے بھی مطالبہ ہے کہ ان کا بھی خون لال ہے، وہی گرم خون ہے، وہ بھی خوبصورت بچے ہیں، وہ بھی پھول سے بچے ہیں جو کہیں اور ہوتے ہیں، یہ بھی وہی بچے ہیں، چاہے وہ کوئٹہ میں ہوں یا چاہے وہ پشاور میں ہوں۔

جناب والا! میں یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں ایک وتیرہ بن چکا ہے اور اس وتیرے کو زیادہ ہوا دی جا رہی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس institution کو تباہ کر دو۔ اس institution کی تباہی کا مطلب پاکستان کی تباہی ہے۔ آج بڑے سے بڑا economist, کسی foreign آدمی سے، کسی آدمی سے آپ پوچھیں کہ فوج کی disintegration یا اس کی ٹوٹ پھوٹ کا کیا مطلب ہے، وہ آپ کو بتائے گا کہ اس کا مطلب ہے کہ پاکستان کا ٹوٹنا۔

Mr. Deputy Chairman: Mohsin Sahib, I think we should not go to that, everybody has a right to their opinion but we should not go to that direction.

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! میں اپنی opinion دے رہا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس ادارے کو آگے چلنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ ہمارا ادارہ ہے، یہ کیوں نہیں چلے گا۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! بالکل یہ ہمارا ادارہ ہے، یہ جنرلوں اور کرنلوں کی یہاں جو بات کرتے ہیں، بالکل ناجائز، بالکل احمقانہ اور بہت غلط بات کرتے ہیں۔ اس لیے میں یہاں بار بار کہنا چاہتا ہوں اسے ضرور دیکھیں۔ یہ سازش کے تحت ہو رہا ہے، یہ کسی اور کی زبان ہے، یہ کسی اور کی سوچ ہے بولا یہاں جا رہا ہے، جلسوں میں بھی اور اس august House میں بھی،
it must be stopped forthwith. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشاہداللہ صاحب! طاہر بزنجو صاحب بولنا چاہتے ہیں، اس کے بعد آپ بول لیجیے گا۔ جی طاہر صاحب۔

Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: شکریہ، جناب چیئرمین! میں گزشتہ روز ہونے والے دہشت گردی کے واقعے کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ ایک مرتبہ پھر بچوں کو پشاور میں target کیا گیا، ہم ان کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب والا! سالہاسال سے ہر گزرتے ہوئے دن یہ سوال ذہن میں پیدا ہوتا ہے کہ آخر ہمارا ملک کب دہشت گردی سے نجات حاصل کرے گا؟ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب کو اس کا اعتراف کرنا چاہیے کہ ملک کا political system ٹھہرے ہوئے پانی کی طرح سڑ چکا ہے، یہ زہریلا بن چکا ہے، اس میں دہشت گردی اور انتہا پسندی کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ افغان جہاد سے لے کر آپریشن ردالفساد تک ایک لمبی تاریخ ہے۔ بدقسمتی سے 70 کی دہائی کے آخر میں جنرل ضیاء الحق اور ان کے رفقاء نے ملک کے پہلے elected Prime Minister کو پھانسی دے کر ایک بہت بڑی حماقت کی اور ایک ہی وقت میں اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے، امریکی مفادات کو ترجیح دے کے ملک کو ایک بڑی آگ میں دھکیل دیا۔ جنرل صاحبان تو اللہ میاں کو پیارے ہوئے لیکن ہم آج بھی اس کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ PTI کے ہمارے ساتھی اس حقیقت کو مانیں یا نہ مانیں، اس وقت ملک میں ہُو کا عالم ہے، ہر طرف شور اور ہنگامہ ہے، ہر شخص عدم تحفظ کا شکار ہے۔ پہلے تو ادریس خٹک جیسے انسانی حقوق کے علمبردار عدم تحفظ کا شکار ہوتے تھے، مطیع اللہ جان جیسے سچ بولنے اور لکھنے والے صحافی عدم تحفظ کا شکار ہوتے تھے، اب تو IG Sindh عدم تحفظ کا شکار ہے۔ IG Sindh جو غالباً ڈیڑھ لاکھ force کا سربراہ ہے، اگر ایک IG عدم تحفظ کا شکار ہے، وہ اغوا ہو سکتا ہے تو پھر آپ خود اندازہ لگائیں کہ ایک عام شہری کی کیا حیثیت ہو سکتی ہے؟ دانش مندی کا تقاضا یہ ہے کہ حکومت مہنگائی کو control کرنے پر توجہ مرکوز کرے، دہشت گردی کو control کرنے پر توجہ مرکوز کرے، بجائے اس کے کہ اپوزیشن لیڈروں کے خلاف غداری کی اسناد تقسیم کرے، یہ اہم معاملہ ہے، امن وامان کا معاملہ ہے، دہشت گردی کا معاملہ ہے۔ وزیراعظم اس ضمن میں کیوں APC نہیں بلاتے؟ مہنگائی کے مسئلے پر، دہشت گردی کے مسئلے

پر، انتہاپسندی کے مسئلے پر اور وہ تو کہتے ہیں کہ میں اپوزیشن کے ساتھ بیٹھنے کے لیے تیار نہیں ہوں کیونکہ یہ سب کرپٹ ہیں۔ پارلیمانی نظام میں کوئی بھی حکومت، کوئی بھی شخصیت خواہ وہ کتنی بھی طاقتور کیوں نہ ہو، کتنی ہی سمجھدار کیوں نہ ہو، وہ تن تنہا حکومت نہیں چلا سکتی۔ جناب! آخر میں ہمارا پھر یہی پرزور مطالبہ ہے کہ امن و امان کی صورت حال کو بحال کرنے، کمر توڑ مہنگائی کو روکنے اور طوفانی بے روزگاری کو روکنے کے حوالے سے حکومت اقدامات اٹھائے، کہیں ایسا نہ ہو کہ دیر ہو جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ طاہر صاحب۔ پہلے ولید اقبال صاحب کو موقع دے دوں اس کے بعد مشاہد اللہ اور پھر آپ لے لیجئیے گا کبیر صاحب۔ ولید صاحب! مشاہداللہ صاحب پہلے بول لیں، پارلیمانی لیڈر ہیں، ٹھیک ہے۔

Senator Mushahid Ullah Khan

سینیٹر مشاہد اللہ خان: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ آپ نے کافی دیر بعد نظر کرم کی، میں بہت دیر سے کوشش کر رہا تھا لیکن وہ ہے ناں دیر لگی آنے میں ان کو شکر ہے پھر بھی آئے تو۔ پشاور کے ایک مدرسے کا واقعہ ہے ویسے تو یہ ایک بڑے تسلسل کے بعد وقفہ آیا تھا اور اس کے بعد دوبارہ سے یہ چیزیں شروع ہوئیں ہیں جو بہت افسوس ناک ہیں۔ جس طرح سے اس میں آٹھ جانیں ضائع ہوئی ہیں اور ہمارے بچے قرآن پڑھتے ہوئے شہید ہوئے ہیں، 100 زخمی ہوئے ہیں جن میں سے کچھ ٹھیک بھی ہو گئے ہیں اور گھروں کو چلے گئے ہیں لیکن کچھ شدید زخمی بھی ہیں، یہ اچھا بھلا پانچ کلو کا دھماکہ تھا جو کہ غیر معمولی تھا۔ اس وقت اس مدرسے میں 1 ہزار لوگ موجود تھے جو قرآن پڑھ رہے تھے اور وہاں درس ہو رہا تھا۔ اب اس کی تفتیش کی جائے گی، بہت ساری چیزیں ہو جائیں گی لیکن کچھ سوالات ہمیشہ باقی رہ جاتے ہیں۔ سوالات ہیں کہ جب اس طرح کا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو دیکھا جاتا ہے کہ حکومت کا رویہ کیسا ہے وہ کس طرح سے پلٹتے ہیں، کس طریقے سے آگے بڑھ کر متاثرین سے behave کرتے ہیں۔ یہ دیکھنا پڑے گا کہ Provincial Government کا کیا کردار تھا، Federal Government کا کیا کردار تھا، وزیراعظم کا کیا کردار تھا لیکن ابھی تک یا تو ہماری آنکھوں کا نمبر ہی

خراب ہو گیا ہےotherwiseہمیں کہیں بھی حکومت نظر نہیں آتی جو بڑی ہی افسوس ناک بات ہے۔اصل میں جب یہ چیزیں ہو جاتی ہیں تو جن کے بچے چلے گئے ہیں وہ تو چلے گئے لیکن اگر آپ اس وقت ان کے آنسو پونچھتے ہیں تاکہ ان کو تھوڑی بہت compensationمل جائے جو کہ ایک روایتی طریقہ ہے اور Prime Minister کسی بھی ملک کا سب سے بڑا عہدے دار ہوتا ہے، وہ جا کر ان کے ساتھ تھوڑی سی تسلی تشفی کر دے، ان کے گھروں میں کچھ وزیر چلے جائیں تو تھوڑا سا لگتا ہے کہ ان کے آگے پیچھے کوئی ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ جیسے کوئی لاوارث نہیں ہوتے خدانخواستہ۔کچھ لوگ گئے ضرور ہیں لیکن ان لوگوں کی ڈیوٹی کتنی تھی اور کتنی نہیں تھی یہ ایک سوال ہے لیکن جن کی ڈیوٹی تھی وہ نہیں گئے جو کہ بڑا ہی افسوس ناک رویہ ہے۔آپ سارے کام کر رہے ہیں اگر نہیں کر رہے تو وہ جو آپ کا کرنے والا کام ہے وہ آپ نہیں کرتے۔جانیں جانا کوئی مذاق تو نہیں ہے اور ابھی بھی آپ باز نہیں آ رہے، بس ایک ہی کہانی ہے۔انسان ایک بات کو بار، بار دہرا کر شرمندہ ہو جاتا ہے لیکن انہیں کوئی اثر ہی نہیں ہوتا۔آپ اپنی صفیں ٹھیک کریں، آپ لوگوں کے کام آنے کی کوشش کریں جس وجہ سے آپ کو لایا گیا ہے، جیسے بھی لایا گیا ہے لیکن چلیں آ گئے ہیں تو لوگوں کا کچھ خیال تو کریں، آپ اپنا تو کام کریں، اپنا ایجنڈا تو پورا کریں جو آپ کرنے کو تیار نہیں ہیں۔

میں تو یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر اعظم پشاور کیوں نہیں گئے؟ کیا ان بچوں سے وزیر اعظم کا کوئی تعلق نہیں ہے اور پھر یہ وہ صوبہ ہے جہاں پر آپ کی آٹھ سال سے حکومت ہے۔آپ KP کی بڑی باتیں کرتے ہیں، اچھا کریں تو بھائی وہ KPکے بچے ہیں اور پاکستان کے مسلمان بچے ہیں لیکن اگر صوبے کے لحاظ سے دیکھا جائے تو وہ اس صوبے سے ہیں جہاں پر آپ کی دوسری حکومت ہے تو کیا آپ سے سوال نہیں ہوگا کہ آپ وہاں پر کیوں نہیں گئے، کیوں ان کے سر پر ہاتھ نہیں رکھا، کیوں ان کے روتے ہوئے خاندانوں کے آنسو نہیں پونچھے؟ جو بھی ہے وہ آپ کے سامنے ہے اور پھر ایک اہم بات یہ ہے کہ ان کے ریلوے کے ایک وفاقی وزیر ہیں جو مخبر اعظم ہیں، انہوں نے تو دو، چار دن، پانچ دن پہلے ہی بتا دیا تھا، ہاں گیٹ نمبر 4 پر ان کی پالش کا کھوکھا تھا بلکہ ابھی بھی ہے اور وہ وہاں جا کر کرتے بھی ہیں تو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مشاہد صاحب! گیٹ نمبر 4۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: وہی گیٹ نمبر4 کا زیادہ ذکر کرتے ہیں جن وزیر کی بات ہورہی ہے۔ میں نے تو نہیں دیکھا لیکن ایک پیپل کا درخت ہے جس کے نیچے بیٹھ کر لوگ پالش وغیرہ کرتے ہیں، یہ بھی کرتے ہوں گے۔ بہر حال میں یہ کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے یہ کہا کہ دہشت گردی کا واقعہ ہونے ولا ہے جو کہ غیر معمولی بات اس لیے ہے کہ دہشت گردی کے واقعات بہت عرصے سے اس طرح سے نہیں ہورہے جیسے کہ پہلے ماضی میں ہوا کرتے تھے۔ بھائی آپ کو کیسے پتا لگ گیا؟ اور اگر آپ کو پتا لگ گیا تو اس کا مطلب ہے کہ کسی نے بتایا ہوگا اور جنہوں نے بتایا ہوگا تو انہوں نے اس کا سد باب کیوں نہیں کیا؟ میں یہ نہیں کہہ رہا لیکن ان کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ کچھ لوگوں کو پتا تھا کہ یہ کام ہونے جارہا ہے تو اگر یہ کام ہونے جارہا ہے تو پھر لوگوں کو بچاؤ کیونکہ خون تو بہت مہنگا ہوتا ہے لیکن آج بھی آپ دیکھیں کہ آج سے تین، چار دن پہلے فدا محمد خان، ہمارا بھائی ہے، میں نے اپنی زندگی میں شاید پہلی دفعہ دیکھا کہ وہTreasury Benchesپر بیٹھے ہوئے ہیں اور انہوں نے quorumکی نشان دہی کردی اور اجلاس ختم ہوگیا، میں نے ایسا نہیں دیکھا۔۔آپ ادھر آجائیں اور بات کرلیں تو پھر میںtopicپر آجاؤں گا۔آپ نے باقیوں کی تقریریں سنی ہیں، یہtopicہی ہے اور یہی topicہے۔ یہ حرکتیں اسی وقت ہوتی ہیں جب کشتی ڈوبنے لگتی ہے اور جب ڈوبنے لگتی ہےتو بوجھ اتارا کرتے ہیں۔آج بھی Treasury Benchesسے walk outہوا ہے،PTIکے لوگوں نے کیا ہے، یہی تو وہ باتیں ہیں جس کی وجہ سے دھماکے ہورہے ہیں، آپ کن چکروں میں پڑے ہوئے ہیں، آپ نے کیوں واک آؤٹ کیا، Treasury Bench بھی کبھی walk out کرتا ہے اور اپوزیشن کے خلاف کیا، آپ ہم سے مطالبہ کررہے ہیں کہ ہمارے مسائل کو حل کرو۔ بھائی اپوزیشنTreasury Benchسے مطالبے کرتی ہے کہ جناب! یہ ہمارے مطالبات ہیں آپ حل کردیں، نہیں حل کریں گے تو ہم احتجاج کریں گے،walk out کریں گے کچھ بھی کریں گے لیکن یہ نئی تاریخ رقم ہورہی ہے کہwalk outکہاں سے ہورہا ہے؟ Treasury Benchسے۔آج آپ نے پوری کارروائی دیکھی ہوگی کہ Treasury Benchنے کتنا شور شرابا کیا ہے، کیا آپ نے کبھی ایسا دیکھا ہے؟ شور شرابا کرنا تو اپوزیشن کا کام ہے اور سارا Treasury Benchاپوزیشن کے خلاف کھڑا ہوگیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اب سمجھ گئے

ہیں کہ اب حکومت میں نہیں ہیں کیونکہ جو لوگ حکومت میں ہوتے ہیں وہ ایسی حرکت نہیں کرتے بلکہ وہ تو آرام سے بیٹھ کر تماشا دیکھتے ہیں اور ان کے پاس جو اختیارات ہوتے ہیں اس کو استعمال کرتے ہیں لیکن اگر اختیار نہ ہو تو پھر walk out ہی کرنا ہے ناں اور جو تقریریں ابھی بھی ہو رہی ہیں، ادھر پشاور میں بچے شہید ہو گئے ہیں، زخمی ہو گئے ہیں اور آپ کو گوجرانوالہ کا جلسہ یاد آ رہا ہے۔ بھئی! یہ جلسے پہلی مرتبہ پاکستان میں ہو رہے ہیں؟ پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ اپوزیشن جلسے کرتی ہیں۔ احتجاج کرنا، جلسے کرنا اور اپنی بات کو لوگوں تک پہنچانا اپوزیشن کا حق ہے۔ جس غصے میں اپوزیشن والے جلسے کر رہے ہیں اس سے تو لگتا ہے کہ کام خراب ہے۔ پورے ملک کا حشر بگڑا ہوا ہے اور باتیں بھنگ کی ہو رہی ہیں۔ چرس کی باتیں ہو رہی ہیں۔ پہلے ہم کٹے اور بھینس کی باتیں سن رہے تھے۔ گاڑیاں بیچ دو اب نئی گاڑیاں خریدنی شروع ہو گئیں۔ اس حکومت میں منشیات کی بھی باتیں ہو رہی ہیں۔ پاکستان کی تاریخ میں یہ باتیں کبھی نہیں ہوئیں۔ ہر طرف خون بہہ رہا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ بے روزگاری اتنی زیادہ پھیلا دی ہے جس سے ہر فرد متاثر ہو رہا ہے۔ ہر شہر میں crime بڑھ چکا ہے۔ میں F-7 میں رہتا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشاہد اللہ خان: یہ مداخلت کرتے رہیں میں نے تو وہی بات کرنی ہیں جو کرنی ہیں۔ پتا نہیں میں اس طرح کی کتنی مداخلت بھگتا چکا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب سیاست پوتوں اور نواسوں کے ہاتھوں میں آ جاتی ہیں تو اس طرح کی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔

میں یہ کس کے نام لکھوں جو الم گزر رہے ہیں
مرے شہر جل رہے ہیں مرے لوگ مر رہے ہیں
کوئی غنچہ ہو کہ گل ہو کوئی شاخ ہو شجر ہو
وہ ہوائے گلستاں ہے کہ سبھی بکھر رہے ہیں

جناب چیئرمین! دو سال پرانی باتیں ہیں کہ

کبھی رحمتیں تھیں نازل اسی خطہ زمیں پر
وہی خطہ زمیں ہے کہ عذاب اتر رہے ہیں

وہی طائروں کے جھرمٹ جو ہوا میں جھولتے تھے
وہ فضا کو دیکھتے ہیں تو اب آہ بھر رہے ہیں
کوئی اور تو نہیں ہے پس خنجر آزمائی
ہمیں قتل ہو رہے ہیں ہمیں قتل کر رہے ہیں

جناب چیئرمین! وزیر پہلے کہتے ہیں کہ دہشت گردی کا واقعہ ہوگا۔ یہ کوئی مذاق بات نہیں ہے۔ اس ملک کو انہوں نے مذاق بنایا ہوا ہے۔ لوگوں کے خون سے یہ ہولیاں کھیلتے ہیں۔ یہ ایسے ہوتا ہے۔ ایسی حکومتیں چلتی ہیں۔ آپ کو لا کر بٹھا دیا گیا ہے تو کم از کم لوگوں کا تو کچھ خیال کریں۔ پتا ہے آپ نے کتنے PTV کے لوگوں کو نوکری سے نکال دیا ہے۔ PIA کے لوگوں کو نوکری سے نکال دیا۔ اسٹیل ملز کے لوگوں کو نوکری سے نکال دیا۔ ERRA کے لوگوں کو نوکری سے نکال دیا۔ اپنی تنخواہیں آپ نے بڑھا کر 9,9 لاکھ روپے کر دی ہیں اور کلرکوں کی تنخواہ میں اضافہ نہیں کیا۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ مہنگائی چار فیصد سے 15 فیصد پر آچکی ہے اور کھانے پینے کی چیزیں ناپید ہو گئی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بات تو میں اپنی مرضی سے کروں گا۔ یہ Treasury Benches ہیں۔ ذرا ان کو دیکھیں۔ کبھی آپ نے ایسے Treasury Benches دیکھے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تشریف رکھیں۔ کورم پورا نہیں ہے۔ Ring the Bells.

(اس دوران گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Recount کرالیں۔ تشریف رکھیں۔

(The count was made)

Mr. Deputy Chairman: There are only 18 members in the House. So, the House is not in quorum. So, I would like to prorogue the Session. I will now read out the prorogation order received from the President.

"In exercise of the powers conferred by Clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan 1973, I hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on 29th October, 2020."

Sd/-
(Dr. Arif Alvi)
President
Islamic Republic of Pakistan

[The House was then prorogued sine die]

Index

Makhdoom Shah Mahmood Hussain Qureshi 37
Mr. Murad Saeed 3, 11, 17, 62, 65, 78
Mr. Shafqat Mehmood 12, 48, 55, 69
Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan 38, 43
Senator Ayesha Raza Farooq 36
Senator Bahramand Khan Tangi 11, 14, 55, 59
Senator Dr. Asad Ashraf 48, 102
Senator Farooq Hamid Naek 99, 100
Senator Fida Muhammad 3, 11
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh 17, 44, 48
Senator Mian Raza Rabbani 90, 91
Senator Muhammad Javed Abbasi 104, 105, 108
Senator Mushtaq Ahmed 27, 36, 67
Senator Rana Mahmood Ul Hassan 61, 64, 72
Senator Seemee Ezdi 103
Senator Syed Shibli Faraz 80, 81, 82, 83, 84, 90, 92, 96
Syed Ali Haider Zaidi 59, 73
جناب شفقت محمود 13, 14, 15, 51, 52, 53, 54, 55
جناب ظہیر الدین بابر اعوان 38, 41, 43
جناب علی زیدی 61
جناب علی محمد خان 16, 30, 31, 33, 34, 35, 46, 47, 57, 58
جناب مراد سعید 23, 24, 25, 26, 79
سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری ..... 14, 15, ,16, 34, 53
سینیٹر بہرہ مند خان تنگی 13, 14, 56, 57, 59, 60
سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف 47, 48
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 54, 55, 82, 83, 85, 86, 108
سینیٹر سراج الحق 25, 40, 42, 97, 120
سینیٹر سید شبلی فراز 80, 81, 82, 83, 92, 93, 94, 95, 96, 97, 98, 115, 117, 118, 119
سینیٹر سید محمد صابر شاہ 42
سینیٹر عطاء الرحمٰن 90, 126, 127, 129
سینیٹر غوث محمد خان نیازی 26
سینیٹر محسن عزیز 130, 135, 136, 138
سینیٹر محمد جاوید عباسی 104, 105, 106, 107
سینیٹر محمد طاہر بزنجو 139
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 48, 131, 134
سینیٹر مشاہد اللہ خان 117, 140, 142, 143, 144

سینیٹر مشتاق احمد 2, 30, 32, 33, 37, 39, 40, 108, 109, 110, 114
سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری 42, 43, 53
سینیٹر میاں رضا ربانی 91, 95
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 22, 24, 35, 45, 47, 51, 123, 124, 125, 126